عزت وذلت کا اصل معیار
الحکم الاصلی حول الاموال والاعراض ودماء الکافرین فی الشریعة
شریعت میں کفار کے جان ومال اور عزت کے حوالے سے "حکم اصلی"
ترتیب وتدوین
شیخ ابو محمد الیاس المہاجر

''الحکم الاصلی حول الاموال والاعراض ودماء الکافرین فی الشریعۃ''

شریعت میں کفار کے جان ومال اور عزت کے حوالے سے ''حکم اصلی''

عزت وذلت کا

اصل معیار

ترتیب وتدوین:

شیخ ابو محمد الیاس المہاجر حفظہ اللہ

کتاب کا نام: عزت وذلت کا اصل معیار

ترتیب وتدوین: شیخ ابو محمد الیاس المہاجر حفظہ اللہ

طبع اوّل: جمادی الاولیٰ ۱۴۳۳ھ بمطابق اپریل ۲۰۱۲ء

تعداد: ۱۵۰۰

ناشر: مکتبہ معارف الدین، لاہور

فہرست

(باب سوم): شبہات کا رد

حقیقت حال

گیارہ ستمبر ۲۰۰۱ء کا دن وہ سورج لے کر طلوع ہوا جس نے اس دنیا کی تاریخ کو پلٹ کر رکھ دیا ۔چار مسافر طیارے امریکی فضاؤں میں اڑے اور ان میں سوار چند نوجوانوں نے ان جہازوں پر قبضہ کیا اوران کو عالمی تجارتی و عسکری عمارات سے ٹکرا دیا جس کے نتیجے میں بچوں اور عورتوں سمیت ہزاروں امریکی موت کی نیند سلا دیئے گئے۔

چونکہ ایک عرصہ دراز سے کفار خاص کر امریکہ اور یورپی ممالک (نیٹو) نے مسلمانوں کا عرصہ حیات تنگ کرر کھا ہے جس کو مکمل احاطۂ تحریر میں لانا ناممکن ہے۔بیت المقدس پر غاصبانہ قبضے اور ہزاروں فلسطینیوں کے قتل عام میں اسرائیل کی ہر ممکن مدد سے لے کر عراق کے مسلمانوں پر معاشی پابندیوں اور استحصال کے نتیجے میں تقریباً دس لاکھ عراقی بچوں کی ادویہ کی عدم موجودگی کی وجہ سے موت کے منہ میں جانے تک،باقی خلیجی جنگ میں لاکھوں عراقیوں کا قتل تو کسی شمار ہی میں نہیں ۔صرف بغداد کے علاقے میں ''عامریہ'' کی پناہ گاہ میں پانچ ہزار سے زائد مسلمان ایک ہی میزائل حملہ میں جاں بحق ہو گئے تھے۔ پھر اس کے بعد جزیرۃ العرب، جس کو رسول اللہ ﷺ نے یہود ونصاری کے لئے ممنوع قرار دیا تھا،اس میں اپنے لاؤلشکر کے ساتھ قبضہ جمانااور حرمین شریفین کی اطراف اپنے فوجیوں کی تعیناتی،یہ سب کچھ ان مظالم کی ادنیٰ سی جھلک ہے۔

ان ساری وجوہات کو بنیاد بنا کر فلسطینیوں کے قتل عام اور عراقی مسلمانوں کو بے رحم طریقے سے ابدی نیند سلانے کا انتقام لینے اور بیت المقدس اور حرمین شریفین کی حفاظت اور بازیابی کے نام پر مسلمانوں کے ایک گروہ نے:

''خون کا بدلہ خون،تباہی کا بدلہ تباہی''

کے فلسفے کو اپنایا اور پھر گیارہ ستمبر کا واقعہ رونما ہو گیا۔ یوں اس فلسفے کی بنیاد پر وجود میں آنے والے واقعے نے پوری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا، چاہے ان پڑھ ہو یا اہل دانش، سب ہی سوچنے پر مجبور ہو گئے کہ آخر ماجرا کیا ہے؟ چنانچہ اس مسئلہ کے بارے میں اصل حقائق سمجھنے اور اس بارے میں شریعت کا حکم جاننے کے لئے سب ہی نے اہل علم کی طرف رجوع کیا؟

چنانچہ مسلمانوں کے اہل علم و دانش دو گروہوں میں تقسیم ہو گئے۔ اکثریت نے اس اقدام کو غیر شرعی قرار دیتے ہوئے اس کو "دہشت گردی" سے تعبیر کیا اور مسلمانوں کو کفار کے ساتھ مل کر اس "دہشت گردی" کے خاتمے کے لئے مل جل کر کردار ادا کرنے کا حکم جاری کیا۔ شیخ الازہر محمد سیّد طنطاوی کے بتاریخ یکم رجب ۱۴۲۲ھ کو صادر ہونے والے فتوے میں کہا گیا کہ:

"پر امن لوگوں پر حملہ جیسا کہ نیویارک میں عالمی تجارتی مرکز میں ہوا، بلاشبہ وہ دہشت گردی، ظلم اور بعینہ دھوکہ دہی ہے"۔

اور امریکہ کی طرف سے افغانستان پر متوقع حملے کے بارے میں پوچھا گیا، تو انہوں نے کہا کہ:

"ہر ملک کو حق حاصل ہے کہ وہ اُس پر حملہ کرنے والے سے اپنا دفاع کرے۔ اور بلاشبہ اسلام تو ظلم کے ساتھ سرکش حملہ آور، ظلم اور دہشت گردی کے خلاف کھڑا ہوتا ہے۔ لہٰذا، جس ملک پر بھی حملہ ہوا، تو ہم مسلمان ہونے کے ناطے اُس کے ساتھ کھڑے ہوں گے کہ جس پر حملہ ہوا۔ اِس سے قطع نظر کہ وہ امریکہ یا اُس کے علاوہ کوئی ملک ہو"۔

اور انہوں نے سختی سے کہا کہ:

"قطعی دلیل کے ساتھ ثابت ہونے والے دہشت گردانہ کاموں اور قتل کے مرتکب افراد کا محاسبہ کرنا ضروری ہے"۔

سعودیہ کی اعلیٰ فیصلہ ساز کمیٹی کے سربراہ الشیخ صالح اللحیدان کا بتاریخ ۱۔۷۔۱۴۲۲ھ کا فتویٰ ہے، جس میں اُنہوں نے کہا:

''دوسروں یعنی امریکیوں کے ساتھ احسان (نیکی) کرنا اور مظلوم یعنی امریکا کی مدد کرنا اور ظالم یعنی افغانوں کو حق کے ساتھ نہ کہ ظلم کے ساتھ، مغلوب کرنا جرائم کے قلع قمع کرنے کا سب سے بڑا سبب ہے''۔

اور انہوں نے کہا کہ:

''بلاشبہ ان دھماکوں سے متأثرہ لوگوں کے لئے مدد کا ہاتھ بڑھانا، اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر، یہ بنی نوع انسان کے ساتھ احسان ہے اور یہ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینے اور بلند اسلامی اخلاق کے اجاگر کرنے کے وسائل میں سے ایک وسیلہ ہے''۔

جب اُن سے اس جیسے حادثات میں خون کے عطیات دینے اور مالی امداد دینے جیسی کوششوں کے بارے میں پوچھا گیا، تو اُنہوں نے یہ حدیث ''ہر جاندار کی مدد کرنے میں اجر ہے'' اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا یہ فرمان کہ:

﴿وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا﴾

''اور اللہ تعالیٰ کی محبت میں کھانا کھلاتے ہیں مسکین، یتیم اور قیدیوں کو''۔

(الدھر:۸)

کا ذکر کرتے اور یہ کہ (آیت میں مذکورہ) قیدی کافر تھا، اُنہوں نے کہا:

''اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر، کافر کی زندگی بچانا، بنی نوع انسان کے ساتھ نیکی کرنا ہے اور یہ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینے اور بلند اسلامی اخلاق کو اجاگر کرنے کے وسائل میں سے ایک وسیلہ ہے۔ اور کسی ایسے مسلمان کے اعلیٰ اخلاق کا مظہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دین (حق) پر ایمان رکھتا ہے، تو اس میں کوئی حرج نہیں اور نہ گناہ ہے بلکہ اللہ کے حکم سے اس شخص کے لیئے اجر وافر ہوگا کہ جو مظلوم کی مدد کرے گا خواہ وہ (مظلوم) کافر ہی ہو''۔

شیخ یوسف القرضاوی کہ جنہوں نے ان کاروائیوں کو شریعت میں حرام قرار دیتے ہوئے کہا کہ:

''ہم تمام مسلمانوں کو ترغیب دلاتے ہیں کہ وہ امریکا میں ہونے والے ان حملوں کا شکار ہونے والے بے گناہوں کے لیئے خون کے عطیات دیں''۔

ایک اور فتویٰ ''رابطہ عالم اسلامی'' کی طرف سے ڈاکٹر عبد المحسن الترکی نے ۲۹۔۰۶۔۱۴۲۲ھ کو ان کاروائیوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا:

''بلاشبہ اسلامی ملکوں کے عوام، دہشت گردی کے اس جرم جو ریاستہائے متحدہ (امریکا) اور دوسرے ملکوں میں ہوا کی اسلامی نظریات کے مطابق مذمت کرتے ہیں۔ جس کے شرعی قواعد کسی مسلمان کے لئے یہ حرام قرار دیتے ہیں کہ وہ خود قاتل بنے یا قتل یا لوگوں کو دہشت زدہ کرنے یا خوفزدہ کرنے یا اُنہیں ایذاء پہنچانے کے وسائل میں سے کوئی ایک وسیلہ بنے کیونکہ یہ سب کچھ حرام سرکشی کے زمرے میں آتا ہے''۔

اور اس نے مزید کہا کہ:

''بلاشبہ عالمی امن وسلامتی کا تقاضا ہے کہ ہر قسم کے حملے پر پابندی کے عالمی قانون کا جلد از جلد نفاذ کیا جائے''۔

اور ''هيئة الكبار العلماء وادارة البحوث العلمية والافتاء'' کے سربراہ کے سربراہ سعودی مفتی سماحۃ الشیخ عبد العزیز آل شیخ کا فتویٰ ہے۔ جس میں اُنہوں نے کہا:

''بلاشبہ ریاستہائے متحدہ امریکا میں ہونے والے دھماکے اور اُس سے تعلق رکھنے والے دوسرے کام جیسے طیّاروں کا اغواء یا پر امن لوگوں کو خوفزدہ کرنا یا لوگوں کا ناحق قتل کرنا، یہ سب صرف اور صرف ظلم و جبر اور سرکشی کی مثالیں ہی ہیں۔ اور اس طرح کے تصرفات تو حرام اور کبیرہ گناہ ہیں''۔

اور انہوں نے تاکیداً کہا کہ:

''بلاشبہ جو خطرناک حادثے نیویارک اور واشنگٹن میں ہوئے کہ جن کے نتیجے میں ہزاروں جانیں ضائع ہوئیں۔ یہ ایسے کام ہیں کہ جنہیں شریعتِ اسلامی تسلیم نہیں کرتی اور نہ یہ اس دین کا حصّہ ہیں اور نہ ہی یہ اُس کے شرعی اُصولوں سے موافقت رکھتے ہیں''۔

اور ''خلیج تعاون کونسل'' کے ملکوں نے ۵۔۷۔۱۴۲۲ھ بروز اتوار کے اپنے اجلاس میں یہ یقین دلایا کہ وہ نیویارک اور واشنگٹن میں ہونے والے حملوں کے مرتکب افراد کے تعیّن کے سلسلے میں ریاستہائے متحدہ امریکا کی مدد اور اُس سے مکمّل تعاون کریں گے۔ اور کونسل نے اپنے اس بیان میں کہ جو کہ سعودیہ کے شہر جدّہ میں چھ ملکوں کے وزرائے خارجہ کے ہنگامی اجلاس کے اختتام پر جاری ہوا میں کہا گیا کہ:

''کونسل کے ارکان، دہشت گردانہ اعمال کے مرتکب افراد کے تعیّن اور انہیں انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لیئے عالمی کوششوں کے ساتھ مل کر تعاون اور مدد کا یقین دلاتے ہیں''۔

اس کے برعکس چند اہل علم ایسے بھی تھے کہ جنہوں نے اس کاروائی کو عین اسلامی قرار دیا اور اس کی بھرپور حمایت کی اور امریکہ کے افغانستان پر متوقع حملے کے پیش نظر مسلمانوں کو امریکہ اور دیگر کفار ممالک کا ساتھ نہ دینے کا فتویٰ جاری کیا۔ ان میں سر فہرست نامور سعودی عالم دین شیخ حمود عقلاء الشعیبی، شیخ یوسف العیری، شیخ ناصر بن فہد اور پاکستان کے مشہور عالم مفتی نظام الدین شامزئی کے نام قابل ذکر ہیں۔

اور اس دوران امریکی صدر بش نے ۱۶ ستمبر ۲۰۰۱ء بمطابق ۱۴۲۲/۰۶/۲۸ھ کو ایک پریس کانفرنس میں امریکی عوام کے نام کا اعلان اِن الفاظ سے کیا:

"This crusade, this war on terrorism is going to take a long time"

”یہ ایک صلیبی جنگ ہے، یہ جنگ دہشت گردی کے خلاف ہے جو ایک لمبے عرصے تک جاری رہے گی“۔

پھر اُس نے کہا کہ:

”امریکیوں کو اب صبر کو لازم پکڑنا چاہیے“۔

”نیشنل ریویو“ نامی امریکی مجلّے نے ”بلاشبہ یہ ایک جنگ ہے، ہمیں اُن کے ملکوں پر حملہ کرنا چاہیے“ کے عنوان کے تحت لکھا ہے کہ:

”یہ وقت اُن دہشت گردانہ کاروائیوں میں ملوث افراد کی جگہوں کو تلاش کرنے میں ضائع کرنے کا نہیں، ان کاروائیوں کے ذمہ دار وہ لوگ ہیں کہ جن کے چہروں پر نیویارک اور واشنگٹن کے حملوں کا سن کر مسکراہٹ آئی۔ ہمیں لمبی چوڑی تحقیقات یا جرم کے اسباب کے لئے دلیلوں کی کوئی ضرورت نہیں اور نہ عالمی اتحاد کی ضرورت ہے۔ ہماری اُمت پر ایک

بنیاد پرست مجرم گروہ نے حملہ کیا ہے۔ ہم پر واجب ہے کہ اُن پر اُن کے ملکوں میں حملہ کریں، اُن کی قیادت کو قتل کریں اور انہیں مسیحیت قبول کرنے پر مجبور کر دیں''۔

چناچہ ۱۸ اکتوبر ۲۰۰۱ء کو امریکہ نے اقوام متحدہ کی چھتری تلے افغانستان پر حملہ کر دیا اور تقریباً دو مہینے میں پچاس ہزار افغانی مسلمانوں کا خون بہہ گیا اور اس کے بعد ''تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں کی تلاش'' کے نام پر ۲۰۰۳ء ایک بار پھر عراق پر دھاوا بول دیا گیا اور اس دوران لاکھوں عراقی مسلمان قتل ہو گئے۔

ایک بار پھر وہ گروہ جو ''خون کا بدلہ خون، تباہی کا بدلہ تباہی'' پر یقین رکھتا تھا اس نے ''جواب آں غزل'' کے مصداق یکے بعد دیگرے امریکہ اور یورپی ممالک میں مختلف قسم کے حملے جاری رکھے جن میں قابل ذکر لندن اور اسپین کے شہر میڈرڈ میں کئے جانے والے حملے تھے جن میں ان ممالک کے عام شہری بھی بشمول عورتوں اور بچوں کے نشانہ بنے اور پھر یوں نہ رکنے والی جنگ کا سلسلہ شروع ہو گیا۔

اور اس کے ساتھ ہی اس بحث کا بھی آغاز ہو گیا کہ کیا کافروں کی طرف سے مسلمانوں کے بچوں اور عورتوں کے قتل عام کے بدلے میں کفار کے بچوں اور عورتوں کا نشانہ بنانا جائز ہے؟ اور جس طرح انہوں نے مسلمانوں کی املاک نقصان پہنچایا اور ان کے علاقوں کو برباد کیا تو کیا مسلمان کے لئے بھی اس کے بدلے میں ایسے کام کرنا جائز ہے؟

اس صورتحال میں ایک مسلمان کے لئے یہ جاننا ضروری ہو گیا کہ شریعت کی نگاہ میں ایک کافر کا مقام اور مرتبہ کیا ہے۔ کب اس کی جان و مال اور عزت ایک مسلمان کے لئے حلال ہو جاتی ہے؟ اور مسلمانوں کے گروہ میں سے کون سا گروہ حق پر ہے اور کس کی بات درست ہے؟

زیر نظر تحریر میں دراصل ان ہی بنیادی سوالات کا مختصر جواب دینے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ ایک مسلمان کے سامنے ایک کافر کے مال و جان اور عزت کے حوالے سے شریعت کا اصل حکم سامنے آسکے جس کے ذریعے وہ خیر و شر کے درمیان چلنے والے گھمسان کے معرکوں میں اپنے کردار اور مقام

کو پہچان سکے اور اس بارے میں شریعت کے حکم سے لاعلمی کی بناء پر وہ کہیں کفر کی حمایت میں ان کفار کی صفوں میں کھڑا نظر آئے اور یوں اپنے دین وایمان سے ہاتھ دھو کر اپنی دنیا و آخرت برباد کر دے۔

باب اول

ایک اٹل حقیقت

جب سے آدم علیہ السلام نے اس دنیا میں قدم رکھا تو اس کے بعد انسانوں کے دو گروہ وجود میں آگئے۔ ایک توحید کا علمبردار اور اللہ رب العزت کا وفادار گروہ ہے جو کہ "مسلمان" کہلایا اور دوسرا اللہ کی وحدانیت کے انکاری اور اس سے باغی گروہ ہے جس کو شرعی اصطلاح میں "کافر" کہا جاتا ہے۔ اس حقیقت کو قرآن یوں بیان کرتا ہے:

﴿هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ﴾

"وہی اللہ ہے جس نے تمہیں پیدا کیا پھر تم میں سے کوئی کافر ہے اور کوئی مومن"

(التغابن:۲)

توجو لوگ اللہ کی وحدانیت کے اور اس کے رسولوں کے اور ان کی لائی ہوئی شریعت کے کافر ہو گئے تو اللہ کی نگاہ میں وہ سب سے بدترین مخلوق ٹھہرے، اور جنہوں نے اللہ کی واحدانیت کا اور رسولوں کی رسالت کا اقرار کیا اور اللہ کی عطا کردہ شریعت کی پاسداری کی تو وہ سب سے بہترین مخلوق قرار پائے۔ قرآن اس حقیقت کو یوں بیان کرتا ہے:

﴿اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِیْنَ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا اُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِیَّةِ ○ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَیْرُ الْبَرِیَّةِ ○﴾

''بے شک جنہوں نے کفر کیا چاہے وہ اہل کتاب میں سے ہوں یا مشرکین میں سے تو وہ جہنم کی آگ میں ہمیشہ رہیں گے اور یہی لوگ سب سے بدترین مخلوق ہیں۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور صالح اعمال کئے تو وہی لوگ بہترین مخلوق ہیں''۔

(البینۃ:٦۔٧)

حقیقت میں بہترین مخلوق تو وہ قرار پائے جو ایمان لے آئے مگر جنہوں نے انکار کیا تو وہ تمام مخلوقات میں حتیٰ کہ جانوروں سے بھی بدترین مخلوق ٹھہرے۔ اسی حقیقت کو قرآن یوں بیان کرتا ہے:

﴿إِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ﴾

''بے شک اللہ کے نزدیک مخلوق میں سب سے بدترین وہ ہیں جو کفر کریں، پھر وہ ایمان نہ لائیں''۔

(الانفال:٥٥)

﴿أُولٰٓئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ﴾

''یہ (کافر) جانوروں کی مانند ہیں بلکہ ان سے بھی بدتر''۔

(الاعراف:١٧٩)

اسی لئے رسول اللہ ﷺ نے یہود کے قبیلے بنو قریظہ کو مخاطب کر کے فرمایا تھا:

((یا اخوۃ القردۃ والخنازیر))

''اے بندر اور خنزیروں کے بھائیوں!''۔

(المستدرك على الصحيحين للحاكم، ج۱۰، ص۱۱۷، رقم الحديث: ۴۳۰۱)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صلح حدیبیہ کے وقت حضرت ابو جندل رضی اللہ عنہ کو جب ان کے باپ ان کو قید کر کے واپس مکہ لے جا رہے تھے تو ان کی طرف تلوار کا دستہ کر کے ارشاد فرمایا تھا:

((أَنَّ دَمَ الْكَافِرِ عِنْدَ اللّٰهِ كَدَمِ الْكَلْبِ))

''اور بے شک کافر کا خون اللہ کے نزدیک کتے کے خون جیسا ہے (کہ جس کے مارنے میں کوئی حرج نہیں)''۔

(فتح الوهاب، ج۲ص۳۲۰)

ان حقائق کے نتیجے میں یہ بات واضح ہوئی کہ حقیقت میں اس دنیا میں اُس انسان کو جینے کا حق حاصل ہے جو کہ کلمہ توحید یعنی اللہ کی واحدانیت اور اس کے رسولوں کی رسالت کا اقرار کرتے ہوئے اسلام کے دائرے کے اندر آجائے، تو جس نے یہ اقرار کیا تو اس کا مال وجان اور عزت محفوظ ومامون ہو گئی اور جس نے ایسا نہ کیا تو اس کے مال وجان اور عزت کی کوئی حیثیت اور حرمت نہیں۔ یہی وہ حقیقت تھی جس کو سمجھانے کے لئے انبیاء ورسل آتے رہے اور یہی وہ منہج تھا جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی کاربند ہوئے:

((أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُولُوا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ فَمَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ فَقَدْ عَصَمَ مِنِّي نَفْسَهُ وَمَالَهُ إِلَّا بِحَقِّهِ وَحِسَابُهُ عَلَى اللّٰهِ))

''مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے قتال کروں یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ کہہ دیں۔ پس جس نے لا الہ الا اللہ کہہ دیا تو اس نے اپنے مال اور جان کو مجھ سے بچا لیا، مگر یہ کہ کسی حق کے بدلے میں، اور اس کا باقی حساب اللہ پر رہے گا''۔(صحيح البخاری، ج۱۰، ص:۹۷، رقم الحديث: ۲۷۲۷)

الحكم الاصلى فى الاموال والاعراض ودماء الكافرين فى الشريعة

شریعت میں کفار کے جان ومال اور عزت کا ''حکم اصلی''

اسی بناء پر قرآن کریم، احادیث مبارکہ اور اس کی روشنی میں سلف وصالحین کے اقوال وفتاوی کے مطابق شریعت میں کفار کے بارے میں حکم کا خلاصہ یہ ہے کہ:

''ہر کافر کے بارے میں شریعت کا ''حکم اصلی'' یہ ہے کہ وہ حربی (جنگجو) ہے اور اس کی جان و مال اور عزت ایک مسلمان کے لئے حلال ہے جب تک کہ اس کا شرعی بنیادوں پر غیر حربی ہونا ثابت نہ ہو جائے۔ چاہے یہ غیر حربی ہونا دار الاسلام سے کسی معاہدے کی وجہ سے ہو، یا مسلمانوں کی طرف سے امان دیئے جانے کی وجہ سے ہو، یا پھر دار الاسلام کے تحت ان کا ذمی بن جانے کی صورت میں ہو، یا پھر اُن صورتوں میں سے کوئی ایک ہو جن کی وجہ سے شریعت نے ان کو استثنیٰ (exception) دیا ہوا ہو جیسے کہ کفار کی عورتیں، بچے، بوڑھے وغیرہ۔ لیکن بعض صورتوں اور وجوہات کی بنیاد پر یہ استثنائات (exceptions) بھی ختم ہو جاتے ہیں جیسا کہ ان کفار کی عورتوں، بچوں، بوڑھوں وغیرہ میں سے کسی کا مسلمانوں کے خلاف جنگ میں کسی بھی طرح شریک ہونا، یا پھر معاہدے کی خلاف ورزی کرنا، یا پھر شریعت کا استہزاء، یا پھر ان کا دیگر کفار میں گڈمڈ ہو جانا، یا کفار کا ان کو ڈھال بنالینا یا پھر معاملہ بالمثل کی وجہ سے، تو اس صورت میں ان کی بھی جان اور مال کی حرمت اٹھ جاتی ہے''۔

چنانچہ شریعت کی طرف سے ہر کافر کے بارے میں دیئے جانے والے اس حکم کو تفصیلاً سمجھنے کی کوشش کریں گے تاکہ مسلمانوں کے ذہن میں پائے جانے والے باطل نظریات وشبہات کا رد کیا جا سکے

اور ایک کافر کے بارے میں شریعت کا حکم واضح ہو سکے کہ اس دنیا میں اس کا اصل مقام (Status) کیا ہے؟

مسلمان اور کافر کے مال وجان کی حرمت کے درمیان فرق:

بلاشبہ شریعت نے مسلمانوں کے خون، ان کی عزتوں کی پامالی اور ان کے اموال کو مباح کرنا یا انہیں کسی بھی قسم کا بالواسطہ یا بلاواسطہ نقصان پہنچانا حرام قرار دیا ہے۔ماسوائے کسی شرعی سبب کے۔ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَّا بِإِحْدَى ثَلَاثٍ النَّفْسُ بِالنَّفْسِ وَالثَّيِّبُ الزَّانِي وَالْمَارِقُ مِنَ الدِّينِ التَّارِكُ لِلْجَمَاعَةِ))

”کسی مسلمان آدمی کا خون حلال نہیں ماسوائے تین حالتوں میں سے کسی ایک کے، جان کے بدلے جان، شادی شدہ زانی اور دین (اسلام) کو چھوڑ کر جماعت میں تفرقہ ڈالنے والا (یعنی مرتد)“۔

(صحیح البخاری، ج۲۱، ص۱۷۱، رقم الحدیث: ۶۳۷۰)

لہٰذا یہ حالتیں ہیں کہ جن میں کسی مسلمان کا خون بہانا جائز ہوتا ہے مگر فقہاء کے نزدیک حدیث میں یہ حکم صرف انہی تین حالتوں پر منحصر نہیں بلکہ یہاں اللہ کے رسول ﷺ نے صرف مثال کے طور پر تین حالتوں کا بیان کیا ہے۔

تو اصل بات یہ ہے کہ مسلمانوں کی جان، مال اور عزتوں کے بارے میں اصل حکم ”حرمت“ کا ہے یعنی وہ ہر صورت حرام ہیں مگر یہ کہ کسی شرعی جواز مثلاً قصاص یا ارتداد یا حد کے بغیر حلال نہیں ہو سکتیں۔

لیکن کفار کی جان مال اور عزتوں کے بارے میں اصل حکم ''حلت'' کا ہے یعنی وہ حلال ہیں مگر یہ کہ کسی عہد یا ذمہ یا اَمان کے بغیر حرام نہیں ہوتیں۔اس کے ساتھ ان کی عورتیں، بچے، بوڑھے، مزدور اور جو لڑ نہیں سکتے اس شرعی حکم سے خارج ہیں کیونکہ ان کے مستثنیٰ ہونے کے دلائل موجود ہیں۔ لیکن کفار کے بوڑھوں بچوں اور عورتوں کے قتل کی حرمت مطلق (عام) نہیں ہے بلکہ چند مخصوص حالات میں انہیں بھی قتل کرنا جائز ہے جس کی تفصیل آگے آئے گی۔

مال و جان کے حرمت کی اصل وجہ:

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا:

((أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا اِلَهَ الَّا اللَّهُ فَمَنْ قَالَ لَا اِلَهَ اِلَّا اللَّهُ فَقَدْ عَصَمَ مِنِّي نَفْسَهُ وَمَالَهُ اِلَّا بِحَقِّهِ وَحِسَابُهُ عَلَى اللَّهِ))

''مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے قتال کروں یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ کہہ دیں۔ پس جس نے لا الہ الا اللہ کہہ دیا تو اس نے اپنے مال اور جان کو مجھ سے بچا لیا، مگر یہ کسی حق کے بدلے میں، اور اس کا باقی حساب اللہ پر رہے گا''۔

(صحیح البخاری، ج۱۰، ص:۹۷، رقم الحدیث:۲۷۸۴)

((لِكُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهُ وَمَالُهُ وَعِرْضُهُ))

''ہر مسلمان کا دوسرے مسلمان کا خون اور مال اور اس کی عزت حرام ہے''۔

(صحیح مسلم، ج۱۲، ص:۴۲۶، رقم الحدیث:۴۶۵۰)

((أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ فَإِذَا قَالُوهَا وَصَلَّوْا صَلَاتَنَا وَاسْتَقْبَلُوا قِبْلَتَنَا وَذَبَحُوا ذَبِيحَتَنَا فَقَدْ حَرُمَتْ عَلَيْنَا دِمَاؤُهُمْ وَأَمْوَالُهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللَّهِ))

"مجھے اس وقت تک لوگوں سے جنگ کرنے کا حکم دیا گیا ہے، جب تک وہ لا الہ الا اللہ نہ کہہ دیں پھر جب وہ یہ کہہ دیں اور ہماری جیسی نماز پڑھنے لگیں، اور ہمارے قبلہ کی طرف منہ کرنے لگیں اور ہمار ذبیحہ کھالیں تو یقیناً ان کے خون اور مال حرام ہو گئے، مگر اس حق کی بناء پر جو اسلام نے ان پر مقرر کر دیا ہے، باقی ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے"۔

(صحیح البخاری، ج۲، ص: ۱۵۱، رقم الحدیث: ۳۷۹)

((قَالَ سَأَلَ مَيْمُونُ بْنُ سِيَاهٍ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ يَا أَبَا حَمْزَةَ مَا يُحَرِّمُ دَمَ الْعَبْدِ وَمَالَهُ فَقَالَ مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا وَصَلَّى صَلَاتَنَا وَأَكَلَ ذَبِيحَتَنَا فَهُوَ الْمُسْلِمُ لَهُ مَا لِلْمُسْلِمِ وَعَلَيْهِ مَا عَلَى الْمُسْلِمِ))

"میمون بن سیاہ نے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کہ اے ابوحمزہ! وہ کون سی چیز ہے، جس سے آدمی کا جان ومال دونوں دست درازی سے محفوظ ہو جاتے ہیں؟ تو انہوں نے کہا جو شخص اس بات کی گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور ہمارے قبلہ کی طرف منہ کرے اور ہماری جیسی نماز پڑھے اور ہمارا ذبیحہ کھالے تو وہ مسلمان ہے، اس کے وہی حقوق ہیں، جو مسلمان کے ہوتے ہیں اور اس کے ذمہ وہی باتیں واجب ہیں، جو مسلمان کے ذمہ ہوتی ہیں"۔

(صحیح البخاری، ج۲، ص: ۱۵۱، رقم الحدیث: ۳۷۹)

درجہ بالا احادیث سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ جب ایک شخص اسلام میں داخل ہو جاتا ہے تو اس کے جان و مال اور عزت کو اس وقت تحفظ حاصل ہو جاتا ہے ۔تو فقہی قاعدے ''مفهوم المخالفة'' کے تحت اس بات کا یہ نتیجہ نکلا کہ اس سے پہلے یعنی اسلام لانے سے پہلے اسکا خون اور ان کا مال کو کوئی تحفظ حاصل نہیں تھابلکہ حلال تھا۔کیونکہ اگر اس شخص کے خون اور ان کے مال کو اسلام لانے سے پہلے تحفظ حاصل ہوتا تو مندرجہ بالا احادیث تو مسلمان کے جان اور مال کے تحفظ کے حوالے سے بے فائدہ اور بے معنی ہو کر رہ جاتی ہیں۔

کفر کا وصف ہی ایک انسان کو ''حربی'' بنادیتا ہے:

درجِ بالا احادیث کی روشنی میں یہ بات واضح ہے کہ یہ ''ایمان'' ہی ہے جو اہلِ ایمان کے جان ومال کو تحفظ دیتا ہے اور یہی چیز ہے جو تفریق کرتی ہے ان اہلِ ایمان کو اور ان کی حرمت کو کافروں سے اور ''کفر'' کا وصف ہونا ہی وہ چیز ہے جو ایک انسان کو ''کافر'' بنادیتا ہے اور حلال کر دیتا ہے اس کی جان ومال کو اور ان کی حرمت کو اٹھادیتا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''بأن الله تبارك وتعالى حرم دم المؤمن وماله الا بواحدة ألزمه اياها وأباح دم الكافر وماله الا بأن يؤدى الجزية أو يستأمن الى مدة''

''اللہ تبارک وتعالیٰ نے مومن کا خون اور مال حرام کیا ہے سوائے ایک الزام کہ جو وہ اپنے اوپر لے (یعنی مرتد ہو جائے) اور کافر کا خون اور مال مباح رکھا ہے سوائے اس کے کہ وہ جزیہ ادا کرے یا اس کو ایک مدت کے لئے امان مل جائے''۔

(الآم ،ج١،ص٣٠١)

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ ہی کفار پر شب خون مارنے کے دوران بچوں اور عورتوں کے نشانہ بن جانے کے حوالے سے فرماتے ہیں:

((ومعنى قوله ''منهم'' انهم يجمعون خصلتين ان ليس لهم حكم الايمان الذى يمنع به الدم ولا حكم دار الايمان الذى يمنع به الغارة على الدار''

''اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ کہنا ہے کہ (هم منهم))'' یہ انہی میں سے ہیں'' کا مطلب یہ ہے کہ ان میں دو خصوصیات ہیں، ایک یہ کہ ان پر ''ایمان'' کا حکم نہیں ہے (یعنی مسلمان نہیں ہیں) جس سے ان کا خون حرام ہو جائے، نہ تو ان پر دارالاسلام میں رہنے کا حکم لگتا ہے جس سے ان کے گھروں پر حملہ کرنے کی ممانعت ہو''۔

(الرسالة: ۲۹۹)

فقہاء کرام نے متفقہ طور پر یہ شرعی اصول بیان فرمایا ہے کہ:

''لِأَنَّ دَمَ الْكَافِرِ لَا يَتَقَوَّمُ إِلَّا بِالْأَمَانِ''

''کافر کے خون کی کوئی حیثیت نہیں مگر یہ کہ جب اس کو امان مل جائے''۔

(رد المختار، ج۱۵، ص۴۴۵۔ بدائع الصنائع، ج۱۵، ص۲۸۴۔ الدر المختار، ج۴، ص۸۰۳)

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''وان كان كافرا حربيا فان محاربته أباحت قتله وأخذ ماله واسترقاق امرأته''

''اور اگر کافر جنگجو ہو تو بلاشبہ اس کے جنگجو ہونے نے ہی اس کے قتل، اس کے مال لینے اور اس کی عورت کو لونڈی بنانا مباح کر دیا''۔

(مجموع الفتاوی لابن تیمیة، ج۳۲۔ص۳۴۳)

امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''لان الاصل اباحة دم الکافر وعدم الامان''

''اصل یہ ہے کہ کافر کا خون مباح ہے جبکہ اس کے پاس امان نہ ہو''۔

(الشرح الکبیر، ج۱۰، ص۵۶۰)

امام ابنِ نحاس رحمۃ اللہ علیہ ایک کافر کے حربی ہونے کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ المغنی کے مصنف امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

''مَنْ ضَلَّ الطَّرِيقَ مِنْهُمْ، أَوْ حَمَلَتْهُ الرِّيحُ الَيْنَا، فَهُوَ لِمَنْ أَخَذَهُ فِي احْدَى الرِّوَايَتَيْنِ؛ لِأَنَّهُ مَتَاعٌ أَخَذَهُ أَحَدُ الْمُسْلِمِينَ بِغَيْرِ قُوَّةِ مُسْلِمٍ، فَكَانَ لَهُ، كَالْحَطَبِ، وَالرِّوَايَةُ الثَّانِيَة، يَكُونُ فَيْئًا''

''جو کافر بھی اپنا راستہ کھو بیٹھے یا ہوا اسے ہماری طرف لے آئے (کشتیوں کی صورت میں) تو یہ کافر (اور اس کا مال) اُس مسلمان کا ہے جس کے ہاتھ میں وہ آجائے دو روایتوں میں سے ایک کے مطابق، اور دوسری روایت یہ ہے کہ وہ مالِ فے ہے''۔

(مشارع الاشواق، ج۲، ص۱۰۵۴۔المغنی، ج۲۱، ص۱۸، رقم:۷۴۹۱)

امام ابنِ نحاس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ المغنی کے مصنف امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول بھی نقل کرتے ہیں:

''وَسُئِلَ عَنْ مَرْكَبٍ بَعَثَ بِهِ مَلِكُ الرُّومِ ،فِيهِ رِجَالُهُ،فَطَرَحَتْهُ الرِّيحُ الَى طَرْطُوسَ،فَخَرَجَ الَيْهِ أَهْلُ طَرْطُوس،فَقَتَلُوا الرِّجَالَ،وَأَخَذُوا الْأَمْوَالَ؟ فَقَالَ:هَذَا فَيْئٌ الْمُسْلِمِينَ ، مِمَّا أَفَاءُ اللَّهُ عَلَيْهِمْ۔''

''امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا(کافروں کے) ایک بحری جہاز کے بارے میں جس کو روم کے بادشاہ نے روانہ کیا جس میں لوگ تھے۔ پھر ہوا نے اسے ''طرطوس'' کی طرف پہنچادیا، تو اہلِ طرسوس نکلے اور ان لوگوں کو قتل کر دیا اور ان کے مالوں کو لوٹ لیا، تو انہوں نے کہا: ''یہ مسلمانوں کے لئے مالِ فے ہے۔ جس کو اللہ نے انہیں عطا کیا''

(مشارع الاشواق، ج۲، ص۱۰۵۴۔ المغنی، ج۱۲، ص۸۲ ، رقم: ۷۵۵۲)

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے مزید سوال کیا گیا:

''وَعَنْ الْقَوْمِ يَضِلُّونَ عَنْ الطَّرِيقِ،فَيَدْخُلُونَ الْقَرْيَةَ مِنْ قُرَى الْمُسْلِمِينَ ، فَيَأْخُذُوهُمْ ؟فَقَالَ يَكُونُونَ لِأَهْلِ الْقَرْيَةِ كُلِّهِمْ ، يَتَقَاسَمُوهُمْ۔''

''اور ان سے پوچھا گیا(کافروں میں سے) ان لوگوں کے بارے میں جو اپنا راستہ کھو بیٹھیں پھر ایک بستی میں جا پہنچے جو کہ مسلمانوں کی بستیوں میں سے ہو اور کوئی مسلمان انہیں گرفت میں لے لے؟ تو انہوں نے جواب دیا: ''تو یہ بھی اس بستی کے لوگوں کا اجتماعی مال ہے اور وہ اس کو آپس میں تقسیم کرلیں''۔

(مشارع الاشواق، ج۲، ص۱۰۵۴۔ المغنی، ج۱۲، ص۸۲ ، رقم: ۷۵۵۲)

امام السرخسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''(قَالَ): وَسَأَلْته عَنْ الرَّجُلِ يَأْسِرُ الرَّجُلَ مِنْ أَهْلِ الْعَدُوِّ هَلْ يَقْتُلُهُ أَوْ يَأْتِي بِهِ الْإِمَامَ ۔ قَالَ: أَيُّ ذَلِكَ فَعَلَ فَحَسَنٌ ؛ لِأَنَّ بِالْأَسْرِ مَا تَسْقُطُ الْإِبَاحَة مِنْ دَمِهِ حَتَّى يُبَاحَ لِلْإِمَامِ أَنْ يَقْتُلَهُ فَكَذَلِكَ يُبَاحُ لِمَنْ أَسَرَهُ كَمَا قَبْلَ أَخْذِهِ وَلَمَّا قُتِلَ أُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ بَعْدَ مَا أُسِرَ يَوْمَ بَدْرٍ لَمْ يُنْكِرْ ذَلِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ 'أَوَّلُ أَقْرَبُ الَى اظْهَارِ الشِّدَّةِ عَلَى الْمُشْرِكِينَ، وَكَسْرِ شَوْكَتِهِمْ فَيَنْبَغِي أَنْ يَخْتَارَ مِنْ ذَلِكَ مَا يَعْلَمُهُ أَنْفَعَ وَأَفْضَلَ لِلْمُسْلِمِينَ ''

''اور جب میں نے (امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے) پوچھا ایک شخص کے بارے میں جو دشمن میں سے کسی کو پکڑتا ہے تو وہ اس کو قتل کرے یا اس کو امام کے پاس لائے تو امام ابو حنیفہ نے جواب دیا'' دونوں میں سے جو بھی کرے وہ اچھا(صحیح) ہے۔ کیونکہ قیدی بنانے کی صورت میں کوئی چیز اس کے خون کے مباح ہونے کو ختم نہیں کرتی ،تو امام اس کو قتل کر سکتا ہے ۔پس یہ قیدی بنانے والے کے لئے بھی جائز ہے جیسا کہ قیدی بنانے سے پہلے (اس کا قتل جائز) تھا۔اور جب امیہ بن خلف بدر کے روز قیدی بنانے کے بعد قتل کیا گیا تو رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل کرنے والے (حضرت بلال رضی اللہ عنہ) پر کوئی اعتراض نہیں کیا اور اگر وہ اس کو امام کے پاس لے جائیں تو یہ امام کے مقام کے احترام کے زیادہ قریب ہے جبکہ جو پہلی بات ہے(یعنی اسے قتل کر دینا) یہ مشرکین پر شدت کے اظہار اور ان کی طاقت توڑنے کے زیادہ نزدیک ہے۔تو اسے چاہیے دونوں میں سے جو چیز مسلمانوں کے لئے زیادہ سود مند ہو اسے اختیار کرے''۔

(المبسوط،ج۱۲،ص۳۳۷)

مشہور مصری عالم دین اور اخوان المسلمین کے مرشد عام شیخ عبد القادر عودہ شہید رحمۃ اللہ علیہ ''حربی'' کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"دار الحرب کے باشندوں کی دو قسمیں ہیں: (۱) حربی (۲) مسلمان .... حربی دار الحرب کے وہ باشندے ہیں جو اسلام پر ایمان نہ رکھتے ہوں اور حربیوں کا حکم یہ ہے کہ ان کو اسلام کی جانب سے کوئی تحفظ حاصل نہیں ہے اور اگر ان کے اور دار الاسلام کے درمیان کوئی معاہدہ یا صلح نہ ہو تو ان کا جان و مال مباح ہے، کیونکہ جیسا کہ ہم بتا چکے ہیں کہ اسلام میں (مال و جان کے) تحفظ کی دو صورتیں ہیں، قبول اسلام اور امان"۔

(اسلام کا فوجداری قانون، جلد اول صفحہ ۳۷۱۔ اسلامک پبلشر)

صرف جنگ میں شریک شخص "حربی" نہیں ہوتا:

مسلمانوں کی طرف سے اگر کافر کے ساتھ کوئی معاہدہ ہو یا اس کو پناہ دی گئی ہو یا پھر جزیہ دینے پر آمادہ ہو گیا ہو تو اس کو بالترتیب معاہد، مستأمن اور ذمی کہتے ہیں.........اس کے برعکس وہ کافر جس سے نہ کوئی معاہدہ ہو اور نہ ہی اس کو پناہ دی گئی ہو اور نہ ہی وہ جزیہ دینے پر آمادہ ہو اس کو "محارب" یا "حربی" کہتے ہیں۔

یہ بات بھی جان لینا ضروری ہے کہ کافروں پر یہ تعریف (محارب یا حربی) تب بھی لاگو ہوتی ہے جب کہ کفار مسلمانوں کے خلاف حالتِ جنگ میں بھی نہ ہوں، کیونکہ کافر کی یہ تعریف تین صورتوں یعنی معاہد، مستامن یا ذمی کے علاوہ صورتوں پر ہے کیونکہ یہ ساری صورتیں اس کے خون اور جان کی حفاظت کرتی ہیں لیکن یہ تعریف مسلمانوں کے خلاف جنگ کرنے سے مشروط نہیں ہے۔ چنانچہ کفر کا وصف ہی وہ چیز ہے جو کہ کافروں کی جان اور مال کو حلال کر دیتی ہے۔ صرف چند صورتیں ایسی ہیں جو کہ ان کے جان اور مال کا تحفظ کرتی ہیں (کفر کی موجودگی کے باوجود) جیسے ذمی بن جانا۔ اسی وجہ سے علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''وَقَدْ قَالَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: اِنَّمَا بَذَلُوا الْجِزْيَة لِتَكُونَ دِمَاؤُهُمْ كَدِمَائِنَا، وَأَمْوَالُهُمْ كَأَمْوَالِنَا''

''بے شک انہوں (کافروں) نے جزیہ اسی لئے دیا تا کہ ان کا مال ہمارے مال کی طرح ہو جائے اور ان کا خون ہمارے خون کی طرح ہو جائے (یعنی ان کو تحفظ مل جائے)''۔

(المغنی ،ج۲۰،ص۴۶۷۔ در المختار،ج۴ص۔۴۰۳)

کافر کی جان ومال کی حرمت کب ہوتی ہے؟

اس سے پہلے کے ہم ''کافر'' کے بارے میں حکم شرعی کو مزید جانیں، ہم ان استثنائی صورتوں کو اجمالاً سمجھ لیتے ہیں جن کی وجہ سے کافر کو عارضی استثنیٰ مل جاتا ہے اور اس کی جان ومال اور عزت کو عارضی تحفظ مل جاتا ہے۔ وہ تین صورتیں درج ذیل ہیں:

(۱) معہد

(۲) مستأمن

(۳) ذمی

اس بات کو امام ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ یوں بیان فرماتے ہیں:

''ثم كان الكفار معه بعد الأمر بالجهاد ثلاثة أقسام أهل صلح وهدنة وأهل حرب وأهل ذمة''

"پھر جہاد کے واجب ہونے کے بعد کفار کی تین قسمیں ہو گئیں (جن کو امان ملی) صلح و معاہدہ والے، جنگ کرنے والے اور ذمّی لوگ"۔

(زادالمعاد ۱۵۹/ ۳)

(۱) معہد کا مطلب:

دار الاسلام کا جن کافروں سے مقررہ یا غیر مقررہ مدت کے لئے معاہدہ ہو جائے تو ان کو بھی امان حاصل ہو جاتی ہے اور ان کے بھی مال وجان کو تحفظ حاصل ہو جاتا ہے۔ واضح رہے کہ اکثر فقہاء کرام کفار سے کسی بھی معاہدے کی مدت دس سال سے زیادہ مقرر کرنے کو صحیح نہیں سمجھتے کیونکہ اس صورت میں جہاد معطل ہو کر رہ جائے گا اور دوسرا یہ کہ یہ معاہدے غیر شرعی بنیادوں پر نہ ہوں جیسے کہ مسلمانوں کے خلاف کافروں سے کسی بھی قسم کا معاہدہ کرلینا۔

(۲) مستأمن کا مطلب:

کسی بھی کافر کو اگر کوئی ادنیٰ سے ادنیٰ مسلمان بھی پناہ دے دے تو اس کافر کو تمام مسلمانوں کی طرف سے امان حاصل ہو جاتا ہے اور اس کے جان ومال کو بھی تحفظ حاصل ہو جاتا ہے۔ البتہ اگر وہ بھی کسی جرم کا مرتکب ہو تو اس کو اس کے جرم کے مطابق سزا ملے گی۔

(۳) ذمی کا مطلب:

ذمی وہ ہوتا ہے جو کہ ایمان نہ لائے لیکن مسلمانوں کو اپنے مال میں سے ایک مقررہ حصہ جس کو شرعی اصطلاح میں "جزیہ" کہا جاتا ہے، سال بھر میں ایک دفعہ دیتا رہے۔ لیکن یہ بات بھی پیش نظر

رہے کہ شریعت نے جزیہ دینے کا معاملہ صرف اہل کتاب اور مجوسیوں تک مخصوص رکھا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ﴾

”ان لوگوں سے لڑتے رہو جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں لاتے (اور) جو اللہ اور اس کے رسول کے حرام کردہ شے کو حرام نہیں جانتے، نہ ہی دین حق کو قبول کرتے ہیں ،ان لوگوں میں سے جن کو کتاب دی گئی تھی، یہاں تک کہ وہ ذلیل وخوار ہو کر اپنے ہاتھ سے جزیہ ادا کریں“۔

(التوبۃ:۲۹)

باقی دوسرے قسم کے کافروں کے لئے مثلاً مشرکین کے لئے تو سوائے معاہدے یا امان کے سوا کوئی اور جائے پناہ نہیں ہے۔ شیخ عبد القادر عودہ شہید رحمۃ اللہ علیہ ان تینوں صورتوں کے بارے میں فرماتے ہیں:

”وہ حربی جن کا دار الاسلام سے کوئی معاہدہ نہ ہو تو وہ دار الاسلام میں داخل نہیں ہو سکتے اور اگر کوئی حربی دار الاسلام میں آجائے تو اس کی جان ومال مباح ہے، اسے قتل کر کے اس کا مال سلب کیا جا سکتا ہے اور اس کو قید کرنا اور معاف کر دینا بھی جائز ہے۔ اور اگر کوئی حربی دارالاسلام میں اجازت سے یا مخصوص امان کی بناء پر یا کسی معاہدے کے تحت داخل ہو تو وہ مستامن ہے اور اس کے جان ومال وقتی طور پر محفوظ ہو جائیں گے، کیونکہ اس کی امان بھی وقتی ہے دائمی نہیں ہے۔ اس کو اجازت ہے کہ وہ دارالاسلام میں اپنی جان ومال کی حفاظت

کے ساتھ قیام کرلے جس عرصے کی اسے امان ملی ہے۔ جب اس کی مدت امان ختم ہو جائے گی تو وہ دوبارہ حربی بن جائے گا جیسے کہ اگر وہ دارالاسلام چھوڑ جاتا تو اس کا جان و مال غیر محفوظ قرار پاتا، البتہ اگر وہ(امان کی مدت ختم ہونے کے بعد) اپنے ارادے سے دار الاسلام میں رہے تو بعض اصحاب اس کو حربی قرار دیتے ہیں اور جبکہ بعض اس کو ذمی خیال کرتے ہیں، اس لئے کہ وہ اپنے اختیار سے دار الاسلام میں رہ رہا ہے اور اس وجہ سے اس کے جان و مال دائمی طور پر محفوظ ہو گئے ہیں"۔

(اسلام کا فوجداری قانون، جلد اول صفحہ ۳۷۱)

یہاں ایک بات ملحوظ خاطر رہے کہ کافر کو جب ان تین میں سے کوئی ایک استثناء حاصل ہو تو اس کا مطلب ہر گز یہ نہیں ہے کہ اس کو ہر قسم کی چھوٹ مل گئی اور اب وہ جو چاہے کرتا رہے۔ فقہاء کرام نے اُن تمام چیزوں کے متعلق تفصیلاً احکامات اپنی فتاویٰ اور تصانیف میں بیان کر دیئے ہیں جن کی وجہ سے ان کو حاصل یہ استثنٰی بھی ختم ہو جاتا ہے اور ان کی پچھلی حیثیت یعنی حربی ہونا بحال ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ مسلمانوں کے خلاف کسی دوسرے کافر کی مدد کرنا، شریعت کا استہزاء، رسول اللہ ﷺ کی شان میں گستاخی وغیرہ۔

کفار کے مال کو لوٹنا اور ان کا خون بہانا جبکہ ان سے کوئی لڑائی نہ ہو:

جہاں تک تعلق ہے کفار کے مال کا تو وہ دو عمومی طریقوں سے مسلمانوں کی ملکیت بن سکتا ہے:

پہلی صورت........ یہ ہے کہ ان کفار کے مال کا حصول لڑائی کے نتیجے کے طور پر ہو جیسے کہ جب مسلمان کفار کے خلاف جنگ کرنے جائیں اور فتح حاصل کریں اور قبضہ میں لے لیں ان کے مال، جائیداد، عورتیں، اور بچوں وغیرہ کو غنیمت کے طور پر۔

دوسری صورت......... یہ کہ جب یہ حاصل ہوں بغیر کسی لڑائی کے جیسے وہ خود اپنی مرضی سے اپنی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے مسلمانوں کو خیراج دیں اور یہ ہے ذمہ، جزیہ یا اکراہ کے ساتھ، یا پھر وہ کفار خود اپنا مال چھوڑ جائیں اور مسلمان اسے حاصل کر لیں یا کسی بھی اور طریقے سے اور یہ ہے ''مالِ فے''۔

امام السانانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''اَلْفَیْئُ مَا أُخِذَ بِغَیْرِ قِتَالٍ''

''مالِ فے وہ ہے جو بغیر لڑائی کے حاصل ہو''۔

(سبل السلام ،ج٦۔ص٢٠٥)

اور ابنِ کثیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''یقول تعالی مبینًا لما الفیئ وما صفته؟ وما حکمه؟ فالفیئ فکلّ مال أخذ من الکفار بغیر قتال ولا ایجاف خیل ولا رکاب''

''اللہ تعالیٰ نے بتا دیا واضح طور پر کہ مالِ فے کیا ہے؟ اور اس کی تعریف کیا ہے؟ اور اس کا حکم کیا ہے؟ تو مالِ فے وہ تمام اموال ہیں جو کفار سے حاصل کئے جائیں بغیر لڑائی کئے ہوئے ، گھڑ سواروں، یا اونٹ سواروں کے ذریعے لشکر کشی کئے بغیر۔''

(تفسیر ابن کثیر ،ج٨،ص٦٥۔تفسیر سورة الحشر)

چناچہ الناطقی بیان کرتے ہیں کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے:

"اگر کوئی فرد تنہا (ہی) دار الحرب میں داخل ہو گیا اور اس نے (کافروں سے مال چھین کر) وہاں سے غنیمت حاصل کر لیا اور اس علاقے میں اور کوئی مسلمان سپاہی نہیں تھے تو پھر اس (مال غنیمت) پر پانچویں حصے کا حکم لاگو نہیں ہو گا۔ایسا صرف اس صورت میں ہوتا ہے جب نو (۹) سے کم آدمی ہوں۔جب آدمیوں کی تعداد نو تک پہنچ جائے تو پھر وہ سریہ (فوجی دستہ) شمار ہو گا"۔

(امام انور العولقی شہید رحمہ اللہ کے مشہور فتوے "دار الحرب میں کفار کو ان کے اموال سے محروم کئے جانے کا حکم" کے اردو ترجمہ سے اقتباس)

امام المرغنانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "الھدایۃ" میں فرماتے ہیں:

"اگر ایک یا دو افراد امام کی اجازت کے بغیر دار الحرب میں داخل ہوں اور (کافروں) سے کچھ حاصل کر لیں تو پھر اس مال پر پانچویں حصے کے حکم کا اطلاق ہو گا"۔

(امام انور العولقی شہید رحمہ اللہ کے مشہور فتوے "دار الحرب میں کفار کو ان کے اموال سے محروم کئے جانے کا حکم" سے اقتباس)

اور عبد الرحمان السعدی کہتے ہیں:

"مالِ فے کی تعریف فقہی اصطلاح کے مطابق یہ ہے کہ کفار کا مال حاصل کیا جائے حق کے ساتھ بغیر لڑائی کئے ہوئے جیسا کہ (بنو نضیر کے اموال) کہ وہ چھوڑ جائیں فرار ہوتے ہوئے مسلمانوں کے خوف کی وجہ سے تو وہ مالِ فئہ کہلایا۔کیونکہ یہ لوٹا دیا گیا کافروں سے جو اس مال کے حقدار نہیں تھے مسلمانوں کو جو اس مال کے زیادہ حقدار تھے"۔

(رسالہ فی الحکم الاصلی فی دماء واموال واعراض عن الکفار، ص:۱۹)

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ مال فئے کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''صَارَ لَفْظُ ''الْفَيْئِ'' اِذَا أُطْلِقَ فِي عُرْفِ الْفُقَهَاءِ ؛فَهُوَ مَا أُخِذَ مِنْ مَالِ الْكُفَّارِ بِغَيْرِ ايجَافِ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ ، وَالْاِيجَافُ نَوْعٌ مِنَ التَّحْرِيكِ''

''یہ لفظ بن جاتا ہے ''الفیئ''۔ اگر مطلق طور پر دیکھا جائے تو فقہاء کرام نے اس کے معانی یہ بیان کئے ہیں کہ یہ وہ مال ہے جو کفار سے حاصل کیا جائے بغیر گھوڑے دوڑائے اور لشکر کشی کئے بغیر''۔

(مجموعة الفتاوىٰ ابن تيمية، ج۲، ص۸۹)

پھر امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ تفصیلی بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

''وأما الفيئ ، فأصله ما ذكره الله تعالى في سورة الحشر ، التي أنزلها الله في غزوة بني النضير ، بعد بدر ، من قوله تعالى ﴿وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ. رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ﴾(الحشر۶-۱۰)فذكر سبحانه وتعالى المهاجرين والأنصار، والذين جاءوا من بعدهم على ما وصف، فدخل في الصنف الثالث كل من جاء على هذا الوجه الى يوم القيامة ؛ كما دخلوا في قوله تعالى﴿وَالَّذِينَ آمَنُوا مِنْ بَعْدُ وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا مَعَكُمْ فَأُولَئِكَ مِنْكُمْ﴾(سورة الأنفال: ۷۵)۔ وفي قوله:﴿وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُمْ بِإِحْسَانٍ﴾(سورة التوبة:۱۰۰)وفي قوله﴿وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ﴾(سورة الجمعة:۳)ومعنى قوله﴿فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ﴾(سورة الحشر:۶)أي ما حركتم ولا سقتم خيلا ولا ابلاً۔ ولهذا قال الفقهاء:ان الفيئ هو ما أخذ من الكفار بغير قتال ؛ لأن ايجاف الخيل

والركاب هو معنى القتال۔ وسمى فيئا ؛ لأن الله أفاءه على المسلمين، أى رده عليهم من الكفار؛ فان الأصل أن الله تعالى انما خلق الأموال اعانة على عبادته ؛ لأنه انما خلق الخلق لعبادته۔ فالكافرون به أباح أنفسهم التى لم يعبدوه بها، وأموالهم التى لم يستعينوا بها على عبادته ؛ لعباده المؤمنين الذين يعبدونه، وأفاء اليهم ما يستحقونه''

''جہاں تک تعلق ہے مال فئے کا تو اس کا اصل حکم وہی ہے جو اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا سورۃ الحشر میں جو کہ غزوۂ بدر کے بعد بنو نضیر سے لڑائی کے موقع پر نازل ہوئی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ ....رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ﴾(الحشر ٦ تا ١٠) اللہ تعالیٰ نے ان آیتوں میں مہاجرین اور انصار اور اُن لوگوں کا بھی ذکر فرمایا ہے جو بعد میں ان اوصاف سے متصف ہیں، پس تیسری قسم میں ہر وہ شخص داخل ہے جو ان اوصاف سے متصف ہو اور یہ حکم قیامت تک کے لئے ہے، جس طرح اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں بھی ان لوگوں کو شامل کیا:''اور جو لوگ بعد میں ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور تم مسلمانوں کے ساتھ ہو کر جہاد بھی کئے تو وہ تم ہی میں داخل ہیں''(سورۃ الأنفال: ۷۵)اور جس طرح اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں داخل ہیں:''اور وہ جنہوں نے ان کے بعد پیروی کی نیکی کے ساتھ''۔(سورۃ التوبۃ:۱۰۰) ''اور دوسرے وہ لوگ جو ابھی تک اُن میں شامل نہیں ہوئے (مگر آخر کار ان میں آملیں گے)اور اللہ زبردست اور حکمت والا ہے''۔(الجمعۃ:۳)اور اللہ تعالیٰ کے اس قول کے معنی﴿فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ﴾کے معنی ہے کہ نہ تو تم نے گھوڑوں اور اونٹوں کو حرکت دی اور نہ ہی جہاد کے لئے انہیں چلایا اور دوڑایا۔ اسی وجہ سے فقہاء کرام فرماتے ہیں کہ ''مالِ فئے وہ ہے جو کفار سے حاصل کیا جائے بغیر لڑائی کے ''یعنی تم نے گھوڑوں اور اونٹوں کو حرکت نہیں دی اور نہ چلایا۔ اور اس قسم کے مال کو '' فئے ''اس لئے

کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو کفار سے یہ مال و دولت بلا قتال و جنگ دلوا دیا۔ اصل بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مال و دولت اسی لئے دیئے ہیں کہ اس کی عبادت کے لئے معاون و مددگار بنے اور اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو اپنی عبادت کے لئے پیدا فرمایا ہے۔ پس کفار اللہ کی عبادت نہیں کرتے، نہ اپنے مال کو اللہ تعالیٰ کی عبادت پر خرچ کرتے ہیں، تو یہ مال مسلمانوں کے لئے حلال و جائز کر دیئے گئے تاکہ اس مال سے وہ قوت حاصل کریں اور اللہ کی عبادت کریں۔ کیونکہ مسلمان بندے اللہ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور اس لئے "مال فئے" ان کو دیا گیا جس کے وہ حقدار اور مستحق تھے۔ اس کی مثال ایسے ہے کہ جیسے کسی کے میراث و ترکہ پر قبضہ کر لیا گیا ہو اور پھر اس کو وہ مال واپس دلوایا جائے"۔

(السياسة الشرعية ،ج۱،ص۳۷)

یہاں پر امام ابنِ تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ اُس وجہ کی وضاحت کرتے ہیں جو کہ کفار کے مال کو ایک مسلمان کے لئے حلال کرتی ہے، اور وہ حقیقت یہ ہے کہ اللہ نے مال اور جان کو پیدا ہی اپنی عبادت کے لئے کیا ہے چنانچہ جو کفر کرتے ہیں وہ اسے وہاں استعمال نہیں کرتے جہاں اسے استعمال ہونا چاہیے تو وہ اس مال کو رکھنے کا حق کھو بیٹھتے ہیں، اور وہ حق چلا جاتا ہے مسلمان کو اگرچہ وہ اس کا اپنا مال نہ بھی ہو۔

کافر اگر مسلمانوں کی طرف بھٹک کر بھی آجائے تو اس کا حکم:

جہاں تک تعلق ہے ان کفار کے بارے میں جو مسلمانوں کی زمینوں کی طرف رخ کریں امان طلب کرنے کے لئے، تو محکم رائے یہ ہے کہ ان پر حملہ نہیں کیا جائے گا۔ مگر جب وہ کسی بھی وجہ سے مسلمانوں کی زمینوں میں داخل ہو جائیں یا اس طرف رخ کریں جبکہ وہ امان کے طلب گار نہ ہوں تو ان کا خون اور مال مباح ہے اور اس کو مسلمانوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ (امام کے ذریعے یا از خود)۔ امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول پہلے گذر چکا کہ:

''مَنْ ضَلَّ الطَّرِيقَ مِنْهُمْ ، أَوْ حَمَلَتْهُ الرِّيحُ الَيْنَا، فَهُوَ لِمَنْ أَخَذَهُ فِي احْدَى الرِّوَايَتَيْنِ ؛لِأَنَّهُ مَتَاعٌ أَخَذَهُ أَحَدُ الْمُسْلِمِينَ بِغَيْرِ قُوَّةِ مُسْلِمٍ، فَكَانَ لَهُ، كَالْحَطَبِ، وَالرِّوَايَةُ الثَّانِيَة، يَكُونُ فَيْئًا''

''جو کافر بھی اپنا راستہ کھو بیٹھے یا ہوا اسے ہماری طرف لے آئے (کشتیوں کی صورت میں) تو یہ کافر (اوراس کا مال) اُس مسلمان کا ہے جس کے ہاتھ میں وہ آجائے دو روایتوں میں سے ایک کے مطابق، اور دوسری روایت یہ ہے کہ وہ مالِ فے ہے''۔

(مشارع الاشواق،ج۲،ص۱۰۵۴۔المغنی ،ج۲۱،ص۱۸، رقم:۷۴۹۱)

امام ابنِ نحاس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ المغنی کے مصنف امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول بھی نقل کرتے ہیں:

''وسئل عن قوم يكونون في حصن أو رباط فيخرج منهم قوم الى قتالهم فيصيبون دواباً أو سلاحاً؟فقال أبوعبد الله :يكون بين اهل الرباط، واهل الحصن''

''اور ان سے پوچھا گیا ان لوگوں (مسلمانوں) کے بارے میں جو قلعے میں ہوں یا رباط میں ہوں اور پھر ان (مسلمانوں) میں سے کچھ لوگ باہر نکل کر ان (کافروں) سے لڑیں اور ان کے مال مویشی ہتھیاروں کو حاصل کریں تو ابوعبداللہ (امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ) کہتے ہیں کہ ''یہ مال اہلِ قلعہ اور اہلِ رباط کے درمیان تقسیم ہو گا''۔

(مشارع الاشواق،ج۲،ص۱۰۵۴۔المغنی والشرح الکبیر ،ج۱۰،ص۵۶۴)

المغنی کے مصنف فرماتے ہیں:

''وَإِذَا دَخَلَ حَرْبِيٌّ دَارَ الْإِسْلَامِ بِغَيْرِ أَمَانٍ، نَظَرْت؛ فَإِنْ كَانَ مَعَهُ مَتَاعٌ يَبِيعُهُ فِي دَارِ الْإِسْلَامِ، وَقَدْ جَرَتْ الْعَادَةُ بِدُخُولِهِمْ إلَيْنَا تُجَّارًا بِغَيْرِ أَمَانٍ، لَمْ يُعْرَضْ لَهُمْ. وَقَالَ أَحْمَدُ: إذَا رَكِبَ الْقَوْمُ فِي الْبَحْرِ، فَاسْتَقْبَلَهُمْ فِيهِ تُجَّارٌ مُشْرِكُونَ مِنْ أَرْضِ الْعَدُوِّ يُرِيدُونَ بِلَادَ الْإِسْلَامِ، لَمْ يَعْرِضُوا لَهُمْ، وَلَمْ يُقَاتِلُوهُمْ''

''اگر ایک حربی دارالاسلام میں بغیر امان کے داخل ہو جائے تو اس کی جانچ پڑتال کی جائے گی کہ کیا اس کے پاس ہتھیار ہیں جو وہ دارالاسلام میں فروخت کرے اور اگر یہ عام طور پر داخل ہوں بغیر امان کے تاجروں کی حیثیت سے تو ان کا راستہ نہیں روکا جائے گا۔ اور احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ لوگ اگر سمندر میں نکلیں اور ایک جہاز آجائے جو کہ دشمن کی سرزمین سے تعلق رکھتا ہو اور جس میں مشرکین تاجر ہوں جو مسلمانوں کی سرزمین پر جانے کی غرض سے نکلے ہوں تو ان کا راستہ نہیں روکا جائے گا اور ان سے نہیں لڑا جائیگا'۔

(المغنی، ج۲۱، ص۱۸، رقم: ۷۴۹۱)

امام ابن نحاس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''وقد ذکر الرافعی والنووی وغیرهما ان قصد التجارة لایفید الامان، وانه لو قال: ظننت ان قصد التجارة یفید الامان فلا أثر لظنه ویغتال''

''مگر امام الرافعی رحمۃ اللہ علیہ اور امام النووی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر کہتے ہیں کہ تجارت کی غرض کو امان نہیں شمار کیا جائے گا، اور اگر وہ کافر کہیں کہ میرا گمان تھا کہ تجارت کی غرض سے آنا امان سمجھا جائے گا، تو اس کے گمان سے کچھ فرق نہیں پڑتا اور اس کو قتل کر دیا جائیگا''۔

(مشارع الاشواق، ج۲، ص۱۰۵۴۔ الروضة، ج۱۰، ص۲۸۰)

پھر امام ابنِ نحاس رحمۃ اللہ علیہ اپنے بارے میں فرماتے ہیں:

''وقد سألت جماعة من اعيان الشافعية عن الحربي يخرج من بلاده قاصداً بلاد المسلمين بتجارة۔هل يجوز لأحد الرعية غزوه قبل دخوله ميناء المسلمين أوبعددخوله، وقبل أمانه أم لا؟۔فاجابوا بانه يجوز قتاله قبل دخول ميناء المسلمين وبعده، والله اعلم''

''اور میں نے پوچھا(ایک سوال)شافعیوں کے ایک گروہ سے حربی کے بارے میں جو اپنے ملک سے نکلے اس غرض سے کہ مسلمانوں کے ملکوں میں تجارت کرے:''کیا یہ جائز ہے کہ ایک گروہ ان سے لڑے مسلمانوں کی بندر گاہ میں داخل ہونے سے پہلے یا داخل ہونے کے بعد، اور کیا ایسی صورت میں (محض اس کے ارادے سے)اس کی امان کا اعتبار کیا جائے یا نہیں۔تو انہوں نے جواب دیا:ان پر حملہ کرنا جائز ہے مسلمانوں کے بندر گاہ میں داخل ہونے سے پہلے اور داخل ہونے کے بعد بھی(واللہ اعلم)''۔

(مشارع الاشواق،ج۲،ص۱۰۵۴)

فقہاء کرام وسلف صالحین کے اقوال کا یہاں ذکر کرنے کا مقصد یہ واضح کرنا ہے کہ فقہاء نے کفار کے مال اور جان کو(چاہے وہ تاجر ہو یا کسی بھی اور صورت میں)اس بنیاد پر جائز قرار نہیں دیا کہ انہوں نے اسلام یا مسلمانوں پر جارحیت کی ہو بلکہ صرف اس بنیاد پر کہ ان کو امان کا کوئی عہد نہیں دیا گیا۔

فقہاء کے درمیان اختلاف صرف اس بات پر ہے کہ جب کفار دارالاسلام بغیر اجازت داخل ہوں چاہے وہ تجارت کی غرض سے ہو یا کوئی اور مجبوری تو ان کفار کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے؟ آیا ان کو امان دی جائے یا ان کو لوٹا دیا جائے یا پھر اگر کوئی ان کے مال و جان پر کوئی قبضہ کر لے تو کوئی بھی حرج

نہیں۔جبکہ کفار کے "حکم اصلی"یعنی ان کا مال اور جان ایک مسلمان کے لئے حلال ہے سوائے چند صورتوں کے،اس میں فقہاء کرام میں کوئی بھی اختلاف نہیں۔

جیسا کہ امام ابنِ نحاس رحمۃ اللہ علیہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول نقل کرتے ہیں:

"وروی ابن وھب،عن مالك،فی قوم من العدو ونزلوا بساحلنا بغیر اذن فأخذاو،فزعموا انھم تجار لفظھم البحر،ولایعلم صدقھم وقد تکسرت مراکبھم،ومعھم سلاح،أویشکون العطش الشدید،فینزلون للماء بغیر اذن،أن ذلك للامام یری فیھم رایه،ولا یخمسون،وانماالخمس فیما أوجف علیه بالخیل والرکاب"۔

"ابنِ وہاب روایت کرتے ہیں امام مالک سے ایک شخص کے بارے میں جو کہ دشمنوں میں سے ہو اور ہمارے ساحل پر آجائے بغیر اجازت کے پھر وہ پکڑا جائے اور اس کے بعد وہ دعویٰ کریں کہ "وہ تو تاجر ہیں اور سمندر میں راستہ بھٹک گئے ہیں"لیکن ان کا سچا ہونا بھی ثابت نہیں ہوتا اور ان کا جہاز بھی ٹوٹ چکا ہے اوران کے پاس ہتھیار ہیں یا پھر وہ شدید پیاس کی صورت میں پانی کی تلاش میں بغیر اجازت ساحل پر آجائیں تو یہ امام پر منحصر ہے کہ وہ ان کا کیا(فیصلہ) کرتا ہے۔اور یہ خمس میں تقسیم نہیں ہو گا کیونکہ خمس صرف غنیمت پر ہے جو کہ حاصل کیا جاتا ہے گھوڑوں اور اونٹوں کے ذریعے لشکر کشی کرتے ہوئے۔"

(مشارع الاشواق،ج۲،ص۱۰۵۵)

اس کے بعد امام ابنِ نحاس رحمۃ اللہ علیہ امام عبد السلام المالکی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول نقل کرتے ہیں:

''واذا لم تقم أمارة على صدقهم ولا على كذبهم، فالحكم اما الاسترقاق أو يردون الى مامنهم، ولايجوز القتل على اشهر القولين، والقول الاخر: يجوز عملاً بمقتضى الأصل وبانتفاء المانع''

''اور اگر ان کے سچے یا جھوٹے ہونے کا کوئی ثبوت نہیں ہے تو پھر یا تو ان کا حکم غلامی کا ہے یا پھر یہ کہ ان کو امن کی جگہ پر پہنچادیا جائے اور دونوں آرا میں سے راجح قول یہ ہے کہ ان کا قتل جائز نہیں ہے جبکہ دوسری رائے یہ ہے کہ اصل قاعدے (حکمِ اصلی) کی بنیاد پر اور ان کو تحفظ فراہم کرنے والی کسی بھی وجہ (استثناء) کی عدم موجودگی کی وجہ سے ان کا قتل جائز ہے''۔

(مشارع الاشواق، ج۲، ص۱۰۵۵)

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''اکثر فقہاء کے نزدیک قرآن وسنت کے مطابق ان میں سے یعنی کفار میں سے کوئی شخص لڑتے ہوئے یا بغیر لڑے قید کر لیا جائے مثال کے طور پر اگر اس کا جہاز اسے ہماری طرف لے آئے یا وہ راستہ بھٹک جائے یا وہ دھوکہ سے قید کیا جائے تو امام اس کے ساتھ وہ کرتا ہے جو زیادہ فائدہ مند ہو اس کو قتل کرنے سے لے کر غلام بنانے، احسان کرنے، فدیہ لینے یا قیدی کے بدل کے طور''۔

(مجموع الفتاویٰ، ۲۸/۳۵۵)

سیرت نبوی ﷺ سے مثالیں:

((عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ بِنَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَسُوقُ غَنَمًا لَهُ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ فَقَالُوا مَا سَلَّمَ عَلَيْنَا إِلَّا لِيَتَعَوَّذَ مِنَّا فَعَمَدُوا إِلَيْهِ فَقَتَلُوهُ وَأَتَوْا بِغَنَمِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَتْ الْآيَةُ ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا ضَرَبْتُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَتَبَيَّنُوا﴾))

"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ بنو سلیم کا ایک آدمی اپنی بکریوں کو ہانکتے ہوئے چند صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے پاس سے گذرا، اس نے انہیں سلام کیا، وہ کہنے لگے کہ اس نے ہمیں سلام اس لئے کیا ہے تاکہ اپنی جان بچالے (حالانکہ یہ کافر ہے)، یہ کہہ کر وہ اس کی طرف بڑھے اور اسے قتل کر دیا اور اس کی بکریاں لے کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوگئے، اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ "اے ایمان والو! جب تم اللہ کے راستے میں نکلو تو خوب چھان بین کر لو"۔

(مسند احمد، ج۶، ص۴۵۱، رقم الحدیث: ۱۹۱۹)

بنو سلیم سے تعلق رکھنے والے اس شخص کے واقعہ سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ صحابہ کرام کی جانب سے اس کو قتل کرنے اور اس کا مال و متاع لوٹنے پر جو نکیر آئی وہ اس کے ایمان کے اظہار کی وجہ سے ہے ورنہ اگر کافر کی جان و مال کی کوئی حرمت ہوتی تو صحابہ کرام اس کے یوں قتل کو جائز نہ سمجھتے اور نہ ہی اس کے مال و متاع کو حلال سمجھتے۔

اس کی دلیل امام محمد ابن الحسن رحمۃ اللہ علیہ اشجع سے آئے ہوئے شخص کے متعلق اس فتوی سے بھی ہوتی ہے:

''أن رجلاً من أشجع جاء الى النبی صلی الله علیه وسلم فشکا الیه الحاجة فقال: اصبر، ثم ذهب فأصاب من العدو غنیمة، وأتی بها النبی صلی الله علیه وسلم فطیبها له، فأنزل الله تعالی ﴿وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا○ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ﴾ (الطلاق: ۲،۳) فهذا أصل علمائنا فیما یصیبه الواحد والمثنی من دار الحرب۔ اذا دخلوا علی وجه التلصص، بغیر اذن الامام''

''ایک آدمی اشجع سے آپ ﷺ کے پاس آیا ان سے ایک معاملہ کی شکایت کی، آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''صبر کرو'' وہ پھر (کافر) دشمنوں سے غنیمت حاصل کرکے آپ ﷺ کے پاس (لوٹ) آیا تاکہ آپ ﷺ اس کے لئے یہ جائز (حلال) کریں تو اللہ نے یہ آیت نازل کی: ﴿وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا○ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ﴾ (الطلاق: ۲،۳) ''اور جو کوئی اللہ کا تقویٰ اختیار کرے اللہ اس کے لئے راستہ بنادیتا ہے اور اس کو وہاں سے رزق ملتا ہے جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہوتا''۔ یہ (واقعہ) بنیادی (دلیل ہے) ہمارے علماء کے نزدیک ان لوگوں کے بارے میں جو امام کی اجازت کے بغیر دارالحرب میں ہوں چوری کی نیت سے''

(شرح کتاب السیر الکبیر، ج ۱، ص ۳۹۶)

شیخ یوسف العیری شہید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''واذا لم یکن الکافر معاهداً ولا ذمیاً فان الأصل فیه أنه حربی حلال الدم والمال والعرض''

''اور جب کافر نہ تو حلیف ہو اور نہ ذمی تو بلاشبہ اس کی اصل یہی ہے کہ وہ ایسا حربی یعنی جنگجو ہوتا ہے کہ جس کا خون، مال اور عزت حلال ہوتا ہے''

(حقيقة الحرب الصليبية الجديدة)

امام انور العولقی رحمۃ اللہ علیہ اپنے فتوے میں فرماتے ہیں:

''ہماری اسلامی شریعت کے مطابق کفار کے ہاتھوں میں جو املاک ہیں وہ ان کے کفر کی وجہ سے ان کی جائز ملکیت تصور نہیں ہوتیں اور جب کبھی اسلام اگر انہیں ملکیت کا حق دیتا ہے تو وہ ایسا (ان کفار کے بارے میں) بنیادی اصول (کہ ان کا مال و جان حلال ہے) سے استثنائی صورت میں کرتا ہے، جیسے اہل الذمہ کے معاملے میں جب وہ جزیہ ادا کریں۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے علماء کا کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایسے مال کو ''فے'' کا نام دیا ہے جس کے معنی ''واپس لوٹانے'' کے ہیں، پس وہ کہتے ہیں کہ کفار کی املاک جو کہ (اصلاً) ان کی جائز ملکیت نہیں ہیں، مومنوں کی طرف واپس لوٹ آئی ہیں جو ان املاک کے ''جائز'' مالک ہیں''۔

(امام انور العولقی شہید رحمہ اللہ کے مشہور فتوے ''دار الحرب میں کفار کو ان کے اموال سے محروم کئے جانے کا حکم'' سے اقتباس)

کفار کے ملکوں کی حیثیت:

شریعت میں بلاشبہ پوری دنیا کے ملک مسلمانوں کے لیے یا تو دارالحرب کا درجہ رکھتے ہیں یا پھر بامعاہدہ (حلیف) ہونے کا۔ لہٰذا تمام کافر ملک تو اصل میں جنگجو ملک (دارالحرب) ہیں اسی لیے ان کے خلاف ہر طرح کی لڑائی لڑنا جائز ہے۔ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے۔ سو آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنگجو ملکوں کے قافلوں کو روکتے جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے قافلوں کو روکا اور کافر ملکوں کی عوام کو ضرورت پڑنے پر ضمانت کے طور پر (گروی) رکھ لیتے۔ جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ثقیف کی طرف سے اپنے صحابہ کو قیدی بنائے جانے پر اس کے حلیف قبیلے بنو عقیل کے ایک آدمی کو قیدی بنالیا تھا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنگجو ملکوں کے اُن بچوں، بوڑھوں اور عورتوں کے قتل کا فتوی دیتے تھے کہ جن کا (دشمن میں سے) پہچانا جانا ممکن نہ ہوتا اور جنگجوؤں تک انہیں قتل کیے بغیر پہنچنا ممکن ہوتا۔ جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف میں بھی ایسا کیا اور اس شہر پر منجنیق کے ذریعے پتھروں کی بارش کی۔ لہٰذا جنگجو ملکوں کو نقصان پہنچانے سے منع کرنے والی شرعی حدود کا وجود نہیں، ماسوائے اس کے کہ اگر عورتیں، بچے، اور بوڑھے واضح طور پر پہچانے جاتے اور وہ جنگ وحملے میں دشمن کے مددگار بھی نہ ہو تو اس صورت میں انہیں نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔

لہٰذا کفار کے ملکوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے ایک قسم حربی (جنگجو) ہے اور اصل ان کی یہی ہے۔ جبکہ دوسری قسم معاھد (حلیف) کی ہے۔ بخاری میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مشرکوں کی تقسیم کا ذکر آیا ہے۔ انہوں نے فرمایا:

((کان المشرکون علی منزلتین من النبی ﷺ والمؤمنین، مشرکی أهل حرب یقاتلهم ویقاتلونه ومشرکی أهل عهد لا یقاتلهم ولا یقاتلونه))

"مشرکوں کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مومنوں کے ہاں دو درجے تھے۔ جنگجو مشرک جن سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم لڑتے اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے لڑتے۔ اور حلیف مشرک جن سے نہ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم لڑتے اور نہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے لڑتے"۔

شیخ یوسف العیری شہید رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:

"والدول لا تکون ذمیة بل تکون أما حربیة أو معاهدة ، والذمة هی فی حق الأفراد فی دار الاسلام"۔

''جبکہ ملک تو ذمّی نہیں ہوتے بلکہ یا تو جنگجو ہوتے ہیں یا پھر معاہدہ کرنے والے (حلیف) جبکہ دارالاسلام میں ذمّی صرف افراد کا حق ہوتا ہے''

(حقيقة الحرب الصليبية الجديدة)

امام انور العولقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''کوئی بھی قوم جو مسلمانوں سے جنگ میں (براہ راست) داخل ہوتی ہے یا مسلم اراضی میں حملہ کرنے میں شمولیت اختیار کرتی ہے وہ فی الحقیقت ''دار الحرب'' بن جاتی ہے''۔

(امام انور العولقی شہید رحمہ اللہ کے مشہور فتوے ''دار الحرب میں کفار کو ان کے اموال سے محروم کئے جانے کا حکم'' سے اقتباس)

کفار کے بچوں، عورتوں، بوڑھوں کا حکم:

شریعت نے ''غیر حربی'' ہونے کے لئے جو استثنائی صورتیں بیان کی ہیں ان میں (معہد، مستامن یا ذمی ہونے کے علاوہ) بنیادی طور پر کسی کا بچہ یا عورت ہونا، انتہائی بوڑھا، یا مزدور ہونا وغیرہ ثابت ہو جائے۔ اس حوالے سے چند احادیث درج ذیل ہیں:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے:

((عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ وُجِدَتْ امْرَأَةٌ مَقْتُولَةً فِي بَعْضِ مَغَازِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ))

" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک غزوے کے دوران ایک عورت مقتول پائی گئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے سے منع کر دیا"۔

(صحیح البخاری، ج۱۰، ص۲۰۸، رقم الحدیث: ۲۷۹۲)

اور مسلم کی ایک حدیث جو بُریدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ:

((اغْزُوا بِاسْمِ اللَّهِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللَّهِ اغْزُوا وَلَا تَغُلُّوا وَلَا تَغْدِرُوا وَلَا تَمْثُلُوا وَلَا تَقْتُلُوا وَلِيدًا))

"اللہ کی راہ میں اللہ کے نام کے ساتھ حملہ کرو۔ ان لوگوں سے لڑو کہ جو اللہ کا انکار کرتے ہیں حملہ کرو اور غلو نہ کرو، اور نہ غداری کرو، اور نہ مثلہ کرو اور نہ بچے کو قتل کرو"۔

(صحیح مسلم، ج۹، ص۱۵۰، رقم الحدیث: ۲۱)

رباح بن ربیع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا کہ:

((عَنْ جَدِّهِ رَبَاحِ بْنِ رَبِيعٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ فَرَأَى النَّاسَ مُجْتَمِعِينَ عَلَى شَيْءٍ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ انْظُرْ عَلَامَ اجْتَمَعَ هَؤُلَاءِ فَجَاءَ فَقَالَ عَلَى امْرَأَةٍ قَتِيلٍ فَقَالَ مَا كَانَتْ هَذِهِ لِتُقَاتِلَ قَالَ وَعَلَى الْمُقَدِّمَةِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ قُلْ لِخَالِدٍ لَا يَقْتُلَنَّ امْرَأَةً وَلَا عَسِيفًا))

" ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غزوے میں تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ لوگ کسی کے گرد جمع ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو بھیجا اور

فرمایا: ذرا دیکھو کہ یہ لوگ کس چیز کے گرد اکٹھے ہوئے ہیں۔ تو وہ شخص واپس آیا اور اُس نے بتایا کہ ایک مقتول عورت کے گرد۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کہ: یہ تو لڑ نہیں سکتی تھی۔ صحابی نے کہا کہ مقدمہ (سب سے اگلے دستے) پر خالد بن الولید تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو بھیجا اور فرمایا: ''خالد سے کہو کہ وہ کسی عورت اور مزدور کو ہر گز قتل نہ کرے''۔

(سنن ابی داود، ج۷، ص۲۷۴، رقم الحدیث: ۲۲۹۵)

امام النووی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

''أَجْمَعَ الْعُلَمَاء عَلَى الْعَمَل بِهَذَا الْحَدِيث، وَتَحْرِيم قَتْل النِّسَاء وَالصِّبْيَان إِذَا لَمْ يُقَاتِلُوا ،فَإِنْ قَاتَلُوا قَالَ جَمَاهِير الْعُلَمَاء: يُقْتَلُونَ''

''علماء کا اس حدیث پر عمل کرنے اور ایسی عورتوں اور بچوں کے قتل کی حرمت پر اجماع ہے کہ جو لڑتے نہیں لیکن اگر وہ لڑیں تو جمہور علماء کا کہنا ہے کہ انہیں قتل کیا جائے گا۔''

(شرح النووی علی مسلم، ج۶، ص۱۸۸، رقم: ۳۲۸۰)

اور آپ مزید فرماتے ہیں:

''وكذلك كل من لم يكن من أهل القتال لا يحل قتله الا اذا قاتل حقيقة أو معنى بالرأى والطاعة والتحريض وأشباه ذلك''

''اور اسی طرح جو بھی لڑائی کے اہل نہ ہو اسے قتل کرنا حلال نہیں ماسوائے اس کے کہ وہ حقیقت میں لڑے یا لڑائی میں دشمن کو رائے دے یا اس کی اطاعت کرے یا لڑائی پر ابھارے اور اسی سے ملتے جلتے کام کرے''۔

امام ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اس (سابق حدیث) کا مفہوم یہ ہے کہ:

’’’فَإِنَّ مَفْهُومه أَنَّهَا لَوْ قَاتَلَتْ لَقُتِلَتْ‘‘

’’ اگر کوئی عورت لڑے تو اسے قتل کیا جائے‘‘۔

(فتح الباری، ج۹، ص۲۲۴، رقم۲۷۹۰)

یہ اور اسی طرح کی دوسری دلیلیں ہیں جو کہ عورتوں، بچوں، حد درجہ بوڑھوں اور مزدور کو قتل کرنے سے مستثنیٰ قرار دیتیں ہیں خواہ وہ جنگجو قوم سے ہی تعلق رکھتے ہوں مگر اس شرط کے ساتھ کہ وہ لڑائی کے دوران پہنچانے جائیں اور لڑائی پر دشمن کی نہ تو فعل اور نہ قول سے کوئی مدد کرتے ہوں ،تو یوں ہی اُن کا قصداً قتل کرنا حرام ہو جاتا ہے سوائے چند ایک صورتوں میں جیسے کہ دشمن کو معاملہ بالمثل (دشمن کو بدلے کی سزا) دینے کی خاطر، جیسا آگے اس کا ذکر آئے گا۔

باب دوم

استثنائات

وہ حالات جن میں کفار کے بچوں ،عورتوں ،بوڑھوں کو مارنا بھی جائز ہو جاتا ہے

اب ہم ان مخصوص حالتوں کا تفصیل سے ذکر کرتے ہیں جن میں کفار کی عورتوں، بچوں ، بوڑھوں اور ان جیسے دوسرے لڑائی کے نااہل لوگوں کا قتل کرنا جائز ہوتا ہے خواہ قصداً یا بغیر ارادے کے۔ کیونکہ احادیث میں ان ذکر کردہ کفار کے ان معصوم لوگوں کی عصمت مطلق (عام) نہیں۔ بلکہ کچھ ایسی مخصوص حالتیں بھی ہیں کہ جن ان کا قتل جائز ہو جاتا ہے۔

چنانچہ درج ذیل حالات میں سے کسی بھی ایک حالت کے متعلق یہ ثابت ہو جائے کہ اس حالت میں بے قصور افراد کا قتل جائز ہو جاتا ہے اور ان تمام حالات کا بیک وقت پایا جانا ضروری نہیں ہے بلکہ ان میں سے کسی بھی ایک حالت میں ایسا کرنا جائز ہو جاتا ہے۔ یہ حالات مندرجہ ذیل ہیں:

پہلی صورت

کافروں کے ساتھ گڈمڈ ہو جانا

پہلی صورت یہ ہے کہ کفار کے بوڑھوں، عورتوں اور بچوں جیسے معصوم لوگوں کا دوسرے کافروں کے ساتھ بغیر قصد کے قتل کرنا اس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ وہ ان جنگجوؤں کے ساتھ اور قلعوں میں

نشانہ بنیں کہ جن کے سبب انہیں پہچانا نہ جاسکے تو اس صورت میں انہیں قتل کرنا جائز ہے۔ اس کی دلیل وہ حدیث ہے جو صحیحین میں الصعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ:

((قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ الذَّرَارِيِّ مِنْ الْمُشْرِكِينَ يُبَيَّتُونَ فَيُصِيبُونَ مِنْ نِسَائِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ فَقَالَ هُمْ مِنْهُمْ))

"انہوں نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکوں کی اولادوں کے بارے میں سوال کیا گیا کہ جب رات کے وقت اُن (مشرکوں) پر حملہ کرتے ہیں تو ان کی عورتیں اور بچے بھی نشانہ بن جاتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((هُمْ مِنْهُمْ)) "وہ انہی میں سے ہیں"۔

(صحیح مسلم، ج۹، ص۱۷۷ رقم الحدیث: ۳۲۸۱)

یہ حدیث کفار کی عورتوں، بچوں کو ان کے باپوں کے ساتھ اُس صورت میں قتل کرنے کے جواز کی دلیل ہے کہ جب وہ پہچانے نہ جائیں۔ مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ:

((هُمْ مِنْ آبَائِهِمْ))

"وہ اپنے باپوں میں سے ہیں"۔

(صحیح مسلم، ج۹، ص۱۹۷ رقم الحدیث: ۳۲۸۳)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے:

((إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَغَارَ عَلَى بَنِي الْمُصْطَلِقِ وَهُمْ غَارُّونَ وَأَنْعَامُهُمْ تُسْقَى عَلَى الْمَاءِ فَقَتَلَ مُقَاتِلَتَهُمْ وَسَبَى ذَرَارِيَّهُمْ))

"نبی کریم ﷺ نے بنی مصطلق پر چھاپہ مارا جبکہ وہ غفلت کے عالم میں تھے اور ان کے جانوروں کو پانی پلایا جارہا تھا۔ ان میں سے جو لوگ لڑنے والے تھے ان کو تو آپ ﷺ نے قتل کردیا اور عورتوں اور بچوں کو قید کرلیا"۔

(صحیح البخاری، ج۸، ص۴۷۲، رقم الحدیث: ۲۳۵۵)

((أمر علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، أبا بکر فغزونا ناسا من المشرکین، فبیتناھم، وقتلناھم، وکان شعارنا أمت، أمت، قال سلمۃ: فقتلت بیدی تلك اللیلۃ، سبعۃ أھل أبیات))

"رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو ہمارے لشکر کا امیر بنادیا، پس ہم نے مشرکین سے جنگ کی، ان پر شب خون مارا اور ان کو قتل کیا، اس رات ہمارا خفیہ اشارہ "اَمِتْ اَمِت" تھا۔ حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس رات میں اپنے ہاتھ سے سات گھروں کے مشرکوں کو قتل کیا"۔

(صحیح ابن حبان، ج۲۰، ص۹، رقم الحدیث: ۴۸۳۳)

یہ حدیث کم و بیش الفاظ کے ساتھ سنن ابی داود، مسند احمد موجود ہے اور امام حاکم اس کو مسلم کی شرائط پر صحیح قرار دیا ہے۔

جمہور (علماء) کی رائے ہے کہ کفار کی عورتوں اور ان کی اولادوں کو قصداً قتل نہیں کیا جائے گا۔ لیکن اگر ان کے باپوں کے قتل تک انہیں (بچوں، عورتوں) کو بغیر پہنچانے کے نشانہ بنایا جائے تو پھر یہ (ان عورتوں بچوں کا قتل) جائز ہے۔

امام ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ والی حدیث کے ضمن میں فرمایا:

''قَوْله:(عَنْ أَهْل الدَّار)أَيْ الْمَنْزِل،هَكَذَا فِي الْبُخَارِيّ وَغَيْره وَوَقَعَ فِي بَعْض أَوَّل هُوَ الصَّوَاب۔ وَوَجَّهَ النَّوَوِيّ الثَّانِي وَهُوَ وَاضِح.قَوْله:(هُمْ مِنْهُمْ)أَيْ فِي الْحُكْم تِلْكَ الْحَالَة، وَلَيْسَ الْمُرَاد اِبَاحَة قَتْلهمْ بِطَرِيقِ الْقَصْد اِلَيْهِمْ ، بَلْ الْمُرَاد اِذَا لَمْ يُمْكِن الْوُصُول اِلَى الْآبَاء اِلَّا بِوَطْءِ الذُّرِّيَّة فَإِذَا أُصِيبُوا لِاخْتِلَاطِهِمْ بِهِمْ جَازَ قَتْلهمْ۔''

''آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان کہ اہل دار سے مراد گھر والے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان کہ وہ انہی میں سے ہیں یعنی اس حالت میں(شرعی)حکم میں اور اس سے قصداً(ارادے کے ساتھ)انہیں قتل کی اباحت مراد نہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ اگر بڑوں تک بچوں کو روندے بغیر پہنچنا ممکن نہ ہو اور وہ(بچے)اُن(بڑوں)کے ساتھ اختلاط کی وجہ سے نشانہ بن جائیں تو اس صورت میں اُن کا قتل جائز ہے''۔

(فتح الباری لابن حجر،ج۹،ص۲۲۴، رقم:۲۷۹۰)

امام مسلم صحیح مسلم میں باقاعدہ یہ باب باندھتے ہیں''بَاب جَوَازِ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ فِي الْبَيَاتِ مِنْ غَيْرِ تَعَمُّدٍ''''رات میں غیر ارادی طور پر عورتوں اور بچوں کے قتل کا جواز''اور امام النووی رحمۃ اللہ علیہ، صحیح مسلم کی اپنی شرح میں اس باب کے تحت آنے والی احادیث پر فرماتے ہیں:

((سُئِلَ عَنْ حُكْم صِبْيَان الْمُشْرِكِينَ الَّذِينَ يَبِيتُونَ فَيُصَاب مِنْ نِسَائِهِمْ أَنَّ أَحْكَام آبَائِهِمْ جَارِيَة عَلَيْهِمْ فِي الْمِيرَاث وَفِي النِّكَاح وَفِي الْقِصَاص وَالدِّيَات وَغَيْر ذَلِكَ، وَالْمُرَاد إِذَا لَمْ يَتَعَمَّدُوا مِنْ غَيْر ضَرُورَة . وَأَمَّا الْحَدِيث السَّابِق فِي النَّهْي عَنْ قَتْل النِّسَاء وَالصِّبْيَان ،فَالْمُرَاد بِهِ إِذَا تَمَيَّزُوا، وَهَذَا الْحَدِيث الَّذِي ذَكَرْنَاهُ مِنْ جَوَاز بَيَاتهمْ وَقَتْل النِّسَاء وَالصِّبْيَان فِي الْبَيَات ،هُوَ مَذْهَبنَا وَمَذْهَب مَالِك وَأَبِي حَنِيفَة وَالْجُمْهُور. وَمَعْنَى ''الْبَيَات''، ''وَيَبِيتُون'' أَنْ يُغَار

عَلَيهِمْ بِاللَّيلِ بِحَيثُ لَا يُعْرَف الرَّجُل مِنْ الْمَرْأة وَالصَّبِيّ ....وَفِي هَذَا الْحَدِيث:دَلِيل لِجَوَازِ الْبَيَات، وَجَوَاز الْإِغَارَة عَلَى مَنْ بَلَغَتْهُمْ الدَّعْوَة مِنْ غَيْر إِعْلَامهمْ بِذَلِكَ .وَفِيهِ :أَنَّ أَوْلَاد الْكُفَّار حُكْمهمْ فِي الدُّنْيَا حُكْم آبَائِهِمْ ، وَأَمَّا فِي الْآخِرَة فَفِيهِمْ إِذَا مَاتُوا قَبْل الْبُلُوغ ثَلَاثَة مَذَاهِب:الصَّحِيح:أَنَّهُمْ فِي الْجَنَّة .وَالثَّانِي :فِي النَّار .وَالثَّالِث :لَا يُجْزَم فِيهِمْ بِشَيْءٍ .وَاَللَّه أَعْلَم۔''

''اور اسکا مطلب یہ ہے کے جب رسول اللہ ﷺ سے مشرکین کے عورتوں اور بچوں پر حملے سے متعلق پوچھا گیا، اور اسکے نتیجے میں عورتیں اور بچے مارے جائیں تو آپ ﷺ نے وضاحت کرتے ہوئے کہا:

((هُمْ مِنْ آبَائِهِمْ)) ''یہ اپنے باپوں میں سے ہیں''۔ دوسرے الفاظوں میں اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ وہ اس لئے کہ ان پر ویسا ہی حکم لگے گا جو انکے باپوں کا ہے، وصیت میں، شادی بیاہ میں، قصاص و دیت میں اور ان جیسے دوسرے معاملات میں۔ اور اس سے مراد یہ بھی ہے کہ یہ (قتل) قصداً نہ ہو اور ضرورت کے علاوہ قتل نہیں کیا جائیگا جیسا کہ پچھلی احادیث میں ذکر کیا گیا ہے عورتوں اور بچوں کے قتل کی ممانعت کے حوالے سے، تو اس سے مراد یہ ہے کہ اگر (عورتوں اور بچوں کے درمیان) تفریق ممکن ہو۔ اور (صعب والی) حدیث جو ہم نے ابھی ذکر کی رات کو عورتوں اور بچوں کے قتل کی اجازت سے متعلق، یہی ہماری علمی رائے ہے اور یہی مذہب امام مالک رحمہ اللہ، امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ اور دیگر جمہور علماء کا ہے۔ اور رات کے چھاپوں کا مطلب جب ان کے خلاف رات کو حملہ کیا جائے جبکہ ایک آدمی کو عورتوں اور بچوں سے ممتاز نہ کیا جاسکے، اور یہاں اس حدیث میں رات کے حملوں کا بھی ثبوت ملتا ہے، اوراس میں اس بات کی بھی اجازت ملتی ہے کہ ان لوگوں پر غفلت میں بھی حملہ کرنے کیا جاسکتا ہے جن تک دعوت پہنچ چکی ہو، اور اس (حدیث) سے یہ بھی پتا چلتا ہے کہ مشرکین کے بچوں کا حکم اس دنیا میں وہی ہے جو ان کے

باپوں پر حکم ہے اور جہاں تک ان کا آخرت میں معاملہ ہے اگر وہ بلوغت سے پہلے مر جائیں تو اس پر علماء کی تین آرا ہیں: (پہلی) صحیح رائے یہ ہے کہ وہ جنت میں ہوں گے، دوسری رائے یہ ہے کہ وہ جہنم میں ہوں گے، اور تیسری رائے یہ ہے کہ ان کے بارے میں کوئی بات طے شدہ نہیں ہے۔ واللہ اعلم"۔

(شرح النووی علی مسلم،ج٦،ص١٨٩، رقم:٣٢٨١)

یہاں ایک نکتہ بہت قابل غور ہے کہ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ کہہ رہے ہیں کہ "کفار کے بچوں کا آخرت کے حکم پر اختلاف ہے" مگر اس دنیا میں انہوں نے کسی اختلاف کا ذکر ہی نہیں کیا یعنی دنیا میں کفار کے بچوں کا وہی حکم ہے جو ان کے باپوں کا حکم ہے۔ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"قال الشافعی وحدیث الصعب بن جثامة فی عمرة النبی فان کان فی عمرته الاولی فقد قیل أمر بن أبي الحقیق قبلها وقیل فی سنتها وان کان فی عمرته الآخرة فهو بعد أمر بن أبي الحقیق غیر شك (والله اعلم)صلی الله علیه وسلم ولم نعلمه صلی الله علیه رخص فی قتل النساء والولدان ثم نهی عنه ومعنی نهیه عندنا والله أعلم عن قتل النساء والولدان أن یقصد قصدهم بقتل وهم یعرفون متمیزین ممن أمر بقتله منهم ومعنی قوله هم منهم انهم یجمعون خصلتین أن لیس لهم حکم الایمان الذی یمنع به الدم ولا حکم دار الایمان الذی یمنع به الاغارة علی الدار وغذا أباح رسول الله البیات والاغارة علی الدار فاغار علی بنی المصطلق غارین فالعلم یحیط ان البیات والاغارة اذا حل باحلال رسول الله لم یمتنع أحد بیت أو أغار من أن یصیب النساء والولدان فیسقط المأثم فیهم والکفارة والعقل والقود عن من أصابهم اذ أبیح له أن یبیت ویغیر ولیست لهم حرمة الاسلام ولا یکون له قتلهم

عامدا لهم متميزين عارفا بهم فانما نهى عن قتل الولدان لانهم لم يبلغوا كفرا فيعلموا به وعن قتل النساء لانه لا معنى فيهن لقتال وأنهن والولدان يتخولون فيكونون قوة لاهل دين الله''

''اور ہم یہ نہیں سمجھتے کہ آپ ﷺ نے رخصت دی ہو عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے کی ،اور پھر بعد میں اس سے منع کر دیا ہو۔ عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے کی ممانعت سے مراد ،ہمارے مطابق (واللہ اعلم) یہ ہے کہ قصداً اُن کو نہ مارا جائے جبکہ وہ پہچانے جاسکتے ہوں تو اور ان میں تفریق کی جاسکتی ہو ان لوگوں میں سے جن کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے.........اور اللہ کے رسول ﷺ کا یہ کہنا ہے کہ (هم منهم) ''یہ انہی میں سے ہیں'' کا مطلب یہ ہے کہ ان میں دو خصوصیات ہیں، ایک یہ کہ ان پر ''ایمان'' کا حکم نہیں ہے (یعنی مسلمان نہیں ہیں) جس سے ان کا خون حرام ہو جائے، اور نہ ہی ان پر دارالاسلام میں رہنے کا حکم لگتا ہے جس سے ان کے گھروں پر حملہ کرنے کی ممانعت ہو اور اسی وجہ سے اللہ کے رسول ﷺ نے رات کے حملوں کی اجازت دی اور ان کے گھروں پر حملے کی جب انہوں نے حملہ کیا بنی مصطلق پر اس وقت جب وہ غافل تھے۔ اور یہ بات طے شدہ ہے کہ رات کے حملے اور چھاپوں کی اجازت جو اللہ کے رسول ﷺ کی اجازت سے تھے اس میں یہ ممکن نہ تھا کہ کوئی رات کو حملہ کرے اور چھاپہ مارے بغیر عورتوں اور بچوں کو قتل کئے بغیر.........تو جو گناہ ،کفارہ اور دیت اور قصاص ان پر لاگو نہیں ہوتا ان کے حوالے سے جن پر حملہ کیا گیا ہے۔ اگر رات کے حملے اور چھاپوں کی اجازت ہو اور ان کو اسلام کی حرمت (امان) حاصل نہیں ہے، اور ایسا نہیں ہوتا کہ ان کو قصداً مارا جائے جب ان کو پہچانا جاسکتا ہو یا ان کی تفریق کی جاسکتی ہو اور رہا بچوں کے قتل کرنے کا ممانعت کا معاملہ تو وہ ممانعت اس لئے ہے کہ وہ ابھی کفر پر بالغ نہیں ہوئے ہیں اور اس پر عمل نہیں کیا جس وجہ سے ان کو قتل کیا جاسکے ،اور اسی طرح عورتوں کا معاملہ ہے کیونکہ ان میں جنگ کی طاقت نہیں ہے اور اس لئے بھی

کہ وہ (عورتیں) اور بچے غنیمت ہیں اور جو کہ ایک اضافی قوت ہو سکتی ہے اللہ بزرگ وبرتر کے دین کے ماننے والوں کے لئے۔"

(الرسالة:٢٩٩)

امام ابن الاثیر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ:

''يبيتون:التبييت طُروق العدو ليلاً على غفلة للغارة والنهب، وقوله ((هم منهم))أى حكمهم وحكم أهلهم سواء، وكذلك قوله فى رواية ((هم من آبائهم)) ''

''''یبیتون'' کا مطلب ہے کہ دشمن کے پاس رات کے اور ان کی غفلت کے وقت ان پر حملہ کرنا اور غنیمت لوٹنا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے کہ ''وہ انہی میں سے ہے'' یعنی اُن (بچوں، عورتوں) کا شرعی حکم اور اُن کے گھر والوں کا (شرعی) حکم ایک ہے۔ اسی طرح کا مفہوم ایک روایت میں ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے ''وہ تو اپنے باپوں میں سے ہیں''۔

(جامع الاصول ٢/٧٣٣)

علامہ ابن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ نے میں فرمایا کہ:

''ويجوز قتل النساء والصبيان فى البيات(الهجوم ليلا) وفى المطمورة اذا لم يتعمد قتلهم منفردين، ويجوز قتل بهائمهم ليتوصل به الى قتلهم وهزيمتهم ، وليس فى هذا خلاف''

''عورتوں اور بچوں کا رات کے حملے میں اور انکی رہائش گاہ میں اس صورت میں قتل کرنا جائز ہے کہ جب اکیلے انہیں قتل کرنا مقصود نہ ہو۔ اور اُن (کفار) کے قتل اور اُن کی شکست کیلئے اُن کے جانوروں کو قتل کرنا جائز ہے۔ اور اس میں کوئی اختلاف نہیں''۔

(المغنی والشرح ۱۰/۱۵۳)

المغنی ہی میں انہوں نے فرمایا کہ:

''فَصل: وَيَجُوزُ تَبْيِيتُ الْكُفَّارِ، وَهُوَ كَبْسُهُمْ لَيْلًا، وَقَتْلُهُمْ وَهُمْ غَارُّونَ. قَالَ أَحْمَدُ: لَا بَأْسَ بِالْبَيَاتِ، وَهَلْ غَزْوُ الرُّومِ إلَّا الْبَيَاتُ، قَالَ: وَلَا نَعْلَمُ أَحَدًا كَرِهَ بَيَاتَ الْعَدُوِّ، وَقَرَأَ عَلَيْهِ: سُفْيَانُ، عَنْ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ. قَالَ: سَمِعْت رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْأَلُ عَنْ الدِّيَارِ مِنْ الْمُشْرِكِينَ، نُبَيِّتُهُمْ فَنُصِيبُ مِنْ نِسَائِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ؟ فَقَالَ: ((هُمْ مِنْهُمْ)). فَقَالَ: اسْنَادٌ جَيِّدٌ. فَإِنْ قِيلَ: فَقَدْ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالذُّرِّيَّةِ. قُلْنَا: هَذَا مَحْمُولٌ عَلَى التَّعَمُّدِ لِقَتْلِهِمْ. قَالَ أَحْمَدُ: أَمَّا أَنْ يَتَعَمَّدَ قَتْلَهُمْ أَنَّ نَهْيَهُ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ حِينَ بَعَثَ الَى ابْنِ أَبِي الْحُقَيْقِ. وَعَلَى أَنَّ الْجَمْعَ بَيْنَهُمَا مُمْكِنٌ، يُحْمَلُ النَّهْيُ عَلَى التَّعَمُّدِ، وَالْإِبَاحَةُ عَلَى مَا عَدَاهُ.''

''فصل: اور کفار پر رات کے وقت (اچانک) حملہ کرنا اور انہیں اس حملے میں قتل کرنا جائز ہے۔ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے فرمایا کہ: رات کے وقت حملہ کرنے میں کوئی حرج نہیں اور رومیوں پر حملے تو صرف رات کے وقت ہی ہوتے تھے۔ اور (امام احمد) نے فرمایا: ''ہمیں نہیں معلوم کہ کسی نے دشمن پر رات کے وقت حملہ کرنے کو مکروہ سمجھا ہو۔ انہیں سفیان نے زہری سے بیان کیا، اُنہوں نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے انہوں نے الصعب بن جثامہ سے انہوں نے کہا کہ میں نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے (ایسے

وقت)سنا کہ (جب) آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکوں کے گھروں کے بارے میں سوال کیا گیا کہ ہم رات کے وقت اُن پر جب حملہ کرتے ہیں تو ہم اُنکی عورتوں اور انکے بچوں کو نشانہ بناتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: ''وہ تو اُنہی میں سے ہیں''۔ تو(امام احمد نے) کہا کہ اس کی سند جید (اچھی) ہے۔ سو اگر کہا جائے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تو عورتوں اور بچوں کے قتل سے منع فرمایا۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ کسی شخص کے لیے ان (عورتوں، بچوں) کو جان بوجھ کر قتل کرنے کا ارادہ کرے تو یہ جائز نہیں۔ مزید فرمایا کہ الصعب کی حدیث: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے عورتوں کو قتل کرنے سے منع کرنے کے بعد کی ہے۔ اس لئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو قتل کرنے سے اُس وقت منع کیا تھا کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن ابی الحقیق کی طرف (پیغام) بھیجا تھا، اور ان دونوں حدیثوں میں تطبیق یہ بنتی ہے کہ نہی (منع کرنا) کو ارادے سے قتل کرنے پر محمول کیا جائے جبکہ (قتل کے) جواز کو اس (کے ارادے کے بغیر) علاوہ پر محمول کیا جائے''۔

(المغنی،۲۱،ص۱۰۱، رقم:۷۵۷۵)

امام ابنِ تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:

''نَعَمْ المحرَّم انما هو قصد قتلهن، فأمَّا اذا قصدن قصد الرِّجال بالاغارة أو برمي منجنيق أو فتح (شق) أو القاء نارٍ فتلِف بذلك نساءٌ أو صِبيان لم نأثم بذلك؛ لحديث الصَّعْبِ بن جَثَّامة أنه سال النبي ﷺ أهل الدَّار من المشركين يُبَيَّتُون فيُصاب الذُّرِّية، فقال((هُمْ مِنْهُمْ))متفق عليه، ولأن النبي ﷺ رمى أهل الطائف بالمنجنيق مع أنه قد يصيب المرأة والصبي، وبكل حال فالمرأة الحربية غير مضمونة بقود ولا ديةٍ ولا كفارةٍ، لأن النبي ﷺ لم

يأمر مَن قتَل المرأة في مغازيه بشيئ من ذلك، فهذا (ما تفارق) به المرأة الذمية، واذا قاتلت المرأة الحربية جاز قتلها بالاتفاق''۔

''عورتوں کو قتل کرنے کا ارادہ حرام ہے البتہ ہم جب (کفار) کے مردوں پر غارت ڈالنے یا توپ چلانے یا آگ پھینکنے کا قصد کرتے ہیں تو اس سے عورتوں اور بچوں کا بھی جانی نقصان ہوتا ہے مگر اس سے گناہ لازم نہیں آتا،اس کی دلیل حدیث صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ ہے۔ صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ ''مشرکین کے گھروں میں بچے بھی ہوتے ہیں اور شب خون مارتے وقت وہ بھی حملے کا شکار ہو جاتے ہیں (تو ان کا کیا حکم ہے)؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''وہ انہیں میں سے ہیں''(بخاری ۔ مسلم) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل طائف پر سنگ باری فرمائی تو اس میں عورتیں اور بچے بھی شکار بنے، تو اس سے معلوم ہوا کہ حربی عورت (جو کہ ذمی نہ ہو یا کسی عہد کے تحت نہ ہو) اس کو قصداً مارنے پر کوئی سزا لازم نہیں آتی، نہ ہی دیت اور نہ ہی کفارہ، اور یہ اس لئے کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی ایسی چیز کا مطالبہ نہیں کیا ان سے جنہوں نے جنگ کے دوران عورتوں کو قتل کیا۔ اس لئے اس حکم سے ذمی عورت کا فرق ظاہر ہو جاتا ہے اور یہ بھی کہ حربی عورت جب جنگ میں شامل ہو تو اس کا قتل بالاتفاق جائز ہو جاتا ہے''۔

(الصارم المسلول، متى حرم قتل النسآء)

یہاں یہ معلوم ہی ہے کہ بلاشبہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اچانک اور رات کے وقت حملے کی حالت میں بچوں کے قتل کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس ضرورت کے حجم کی تفصیل نہیں پوچھی کہ جس نے مجاہدین کو اس رات کے حملے پر مجبور کیا تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم (اسی ضرورت کی بنیاد) مجاہدین کے لئے کفار کے معصوم لوگوں یعنی عورتوں اور بچوں کے قتل کو جائز قرار دیں۔ جبکہ شرعی قاعدہ کہتا ہے کہ:

''ترك الاستفصال في مقام الاحتمال ينزل منزلة العموم في المقال''

''احتمال کے مقام پر تفصیل طلب نہ کرنا، قول کو عمومیت کا درجہ دے دیتا ہے''۔

لہٰذا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ عمومیت والا فرمان کہ ''وہ اُنہی میں سے ہے''، بغیر کسی ضابطے (مخصوص کرنے) کے اسلامی لشکر کے لئے جائز قرار دیتا ہے کہ جب وہ دیکھیں کہ اُنہیں اچانک حملہ کرنے کی ضرورت ہے تو ان کے لئے ایسا کرنا جائز ہے، خواہ اسکے نتیجے میں عورتیں، بچے اور بوڑھے وغیرہ مارے جائیں اور خواہ اچانک حملہ کرنے کی کوئی شدید ترین ضرورت نہ بھی ہو۔ کیونکہ جس علت (سبب) کی خاطر رات کے وقت حملہ کرنے کی صورت میں عورتوں اور بچوں کا قتل کرنا جائز ہوا۔ وہ ہے دشمن کی قوت کو کمزور کرنے اور اسکے مدافعتی نظام پر کاری ضرب لگانے کی ضرورت ہے۔ جو کہ اسکے مردوں کو قتل اور اسکے قلعوں کو گرانے سے حاصل ہوتی ہے، خواہ اس میں غیر جنگجو افراد ہی کام آجائیں۔

شیخ ناصر بن فہد فک اللہ اسرہ وہ احادیث جن میں بچوں اور عورتوں کے قتل کی ممانعت آئی ہے اور جن احادیث میں ان کے قتل کی اجازت دی ہے، ان میں تطبیق کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

> ''اگر ہم ان ساری احادیث کو جمع کریں تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ دراصل جس بات سے منع کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے کی نیت سے ان پر حملہ کیا جائے ۔ البتہ اگر وہ ضمناً مارے جائیں، مثلاً شب خون یا چھاپہ مار کاروائی کی صورت میں، یا جب ان میں اور مقاتلین میں تمیز کرنا ممکن نہ ہو، پھر انہیں قتل کرنے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ عورتوں اور بچوں کی موجودگی کی وجہ سے جہاد معطل نہیں کیا جاسکتا''۔
>
> (''حكم استخدام أسلحه الدمار الشامل ضد الكفار'' باب دوم للشيخ ناصر بن فهد)

لہٰذا عورتوں اور بچوں کے قتل کے جواز کی علت، دشمن کے دفاع کو کمزور کرنا ہی ہے۔ جیسا کہ عورتوں اور بچوں کے قتل کے جواز کی تمام نصوص (دلیلوں) سے واضح ہے (اور جن کا ذکر آئے گا)۔ سو دشمن کی طاقت کے اسٹریٹجک مراکز کو نشانہ بنانے کے سبب عورتوں اور بچوں کا قتل ہونا۔ یہ اچانک حملے الغارہ برابر ہے۔ کیونکہ وہ علت جس کی وجہ سے اچانک حملے (الغارہ) میں کفار کے عورتوں اور بچوں کا قتل جائز ہوا۔ آج بھی وہی (علت) دشمن کے اسٹریجیٹک مراکز کی ایک بڑی شکل کی صورت میں موجود ہے، جس کی مصلحت صرف جنگجوؤں کے قتل سے بڑھ جاتی ہے۔

امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول نقل فرماتے ہیں:

''لَا بَأْس بِالْبَيَاتِ، وَهَلْ غَزْوُ الرُّومِ اِلَّا الْبَيَات، قَالَ: وَلَا نَعْلَمُ أَحَدًا كَرِهَ بَيَاتَ الْعَدُوِّ''

''شب خون مارنے میں کوئی حرج نہیں ہے، کیا روم پر حملہ شب خون کے سوا کچھ بھی تھا ؟'' نیز آپ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بھی فرمایا: ''ہمارے علم میں نہیں کہ کسی نے دشمن پر شب خون مارنے کو ناپسند کیا ہو''۔

(المغنی، ج۲۱، ص۱۰۱، رقم: ۷۵۷۵)

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ بھی امام احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول نقل فرماتے ہیں کہ:

''لَا بَأْس بِالْبَيَاتِ وَلَا أَعْلَم أَحَدًا كَرِهَهُ''

''رات کے وقت ان (کفار) پر شب خون مارنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور میں نہیں جانتا کہ کسی (عالم) نے بھی اس بات سے اختلاف کیا ہو''۔

(فتح الباری لابن حجر، ج۹، ص: ۲۲۳۔ باب اہل الدار یبیتون فیصاب)

دوسری صورت

کفار کے عورتوں، بوڑھوں اور بچوں کا مسلمانوں کے خلاف جنگ میں کسی بھی طرح شریک ہونا

اُن معصوم الدّم لوگوں یعنی عورتوں، بچوں اور بوڑھوں وغیرہ کہ جن کا قتل کرنا حرام ہے، اُنہیں اس حالت میں قتل کرنا جائز ہے کہ جب وہ مسلمانوں کے خلاف ہتھیار اُٹھالیں یا ایسے کام سرانجام دیں کہ جو لڑائی کے کاموں کے معاون بنیں۔ خواہ یہ جاسوسی کرنے یا امداد دینے یا رائے دینے یا اسی طرح کے دوسرے کام ہوں۔

یہ (جواز) رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے علت کو اُس حدیث میں بیان کرنے کی وجہ سے واضح ہے جو احمد اور ابوداؤد نے رباح بن ربیع رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے:

((قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ فَرَأَى النَّاسَ مُجْتَمِعِينَ عَلَى شَيْءٍ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ انْظُرْ عَلَامَ اجْتَمَعَ هَؤُلَاءِ فَجَاءَ فَقَالَ عَلَى امْرَأَةٍ قَتِيلٍ فَقَالَ مَا كَانَتْ هَذِهِ لِتُقَاتِلَ قَالَ وَعَلَى الْمُقَدِّمَةِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ قُلْ لِخَالِدٍ لَا يَقْتُلَنَّ امْرَأَةً وَلَا عَسِيفًا))

”اُنہوں نے کہا کہ ہم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غزوے میں (شریک) تھے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو کسی چیز پر اکٹھے ہوتے دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو بھیجا اور فرمایا دیکھو یہ لوگ کس چیز پر اکٹھے ہوئے ہیں۔ تو وہ آدمی (واپس) آیا اور کہا، کہ ایک مقتول عورت پر، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ، یہ تو لڑنے کی اہل نہ تھی۔ (راوی) کہتے ہیں کہ اس لشکر کے ہر اول دستے پر خالد

بن ولید مامور تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو بھیجا اور فرمایا کہ:"خالد سے کہو کہ کسی عورت کو قتل کرے اور نہ کسی مزدور کو"۔

(سنن ابی داود، ج۷، ص۲۷۴، رقم الحدیث:۲۲۹۵)

علامہ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ:

"فان مفھومه أنها لو قاتلت لقتلت"

"اس حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ اگر وہ لڑائی کرے تو قتل کیے جائیں گے"۔

(الفتح۶/۱۴۸)

امام النووی رحمۃ اللہ علیہ نے صحیح مسلم کی شرح میں لکھا ہے کہ:

"أَجْمَعَ الْعُلَمَاء عَلَى الْعَمَل بِهَذَا الْحَدِيث، وَتَحْرِيم قَتْل النِّسَاء وَالصِّبْيَان إِذَا لَمْ يُقَاتِلُوا، فَإِنْ قَاتَلُوا قَالَ جَمَاهِير الْعُلَمَاء: يُقْتَلُونَ"

" علماء کا اس حدیث پر عمل کرنے اور عورتوں اور بچوں کے قتل کی حرمت پر اس صورت میں اجماع ہے کہ اگر وہ لڑائی نہ لڑیں۔اگر وہ بھی لڑیں تو جمہور علماء کا کہنا ہے کہ اس صورت میں اُنہیں قتل کیا جائیگا"۔

(شرح النووی، ج۶، ص۱۸۸، رقم:۳۲۸۰)

آپ رحمۃ اللہ علیہ مزید فرماتے ہیں:

''وكذلك كل من لم يكن من أهل القتال لا يحل قتله الا اذا قاتل حقيقة أو معنى بالرأى والطاعة والتحريض وأشباه ذلك)وتأمل قوله ((قاتل حقيقة أو معنى بالرأى والطاعة والتحريض وأشباه ذلك''

''اسی طرح ہر اُس شخص کا قتل کرنا حلال نہیں جو لڑائی کے اہل لوگوں میں سے نہ ہو ماسوائے اس کے کہ وہ حقیقت میں لڑے یارائے دے کر اور (دشمن کی) اطاعت کر کے اور لڑائی پر دشمن کو برانگیختہ کر کے اور اسی قسم کے کسی دوسرے طریقے سے معنوی طور پر لڑائی میں حصہ لے''۔

(شرح النووی علی مسلم ۷/۳۲۴)

آپ ذرا امام النووی رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول پر غور کیجئے کہ وہ حقیقت میں لڑے یا رائے دیکر اور (دشمن کی) اطاعت کر کے اور (دشمن کو) لڑائی پر اُبھار کر یا اسی قسم کے دوسرے طریقے سے معنوی طور پر لڑائی میں حصہ لے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے ''السیاسۃ الشرعیۃ'' میں فرمایا کہ:

''وأما من لم يكن من أهل الممانعة والمقاتلة كالنساء والصبيان والراهب، والشيخ الكبير والأعمى الزّمِن ونحوهم فلا يُقتل عند جمهور العلماء الا أن يقاتل بقوله أو فعله ، وان كان بعضهم يرى اباحة قتل الجميع لمجرد الكفر والأول هو الصواب''

''رہے وہ لوگ کہ جو جنگجوؤں اور لڑنے والوں میں شمار نہیں ہوتے جیسے عورتیں اور بچے اور راہب (پادری) اور بوڑھا شیخ اور دائمی نابینا اور ان جیسے دوسرے، تو جمہور علماء کے نزدیک اُنہیں قتل نہیں کیا جائے گا ماسوائے اس کے کہ وہ اپنے قول یا فعل کیساتھ لڑتے ہیں''۔

(السياسة الشرعية ص: ۱۳۲۔۱۳۳)

آپ ذرا اُن کے اس فرمان پر غور کریں کہ ”ماسوائے اس کے کہ وہ اپنے قول یا فعل سے لڑے“۔ یہ بات اور نووی کی سابقہ بات اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جن لوگوں کا قتل قصداً حرام ہے، اگر وہ مسلمانوں کے مخالف جنگجوؤں کی اپنے اقوال یا افعال کے ساتھ مدد کریں گے تو اُنہیں نشانہ بنا کر قتل کرنا جائز ہے۔

اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان:

((انْطَلِقُوا بِاسْمِ اللَّهِ وَبِاللَّهِ وَعَلَى مِلَّةِ رَسُولِ اللَّهِ وَلَا تَقْتُلُوا شَيْخًا فَانِيًا وَلَا طِفْلًا وَلَا صَغِيرًا وَلَا امْرَأَةً وَلَا تَغُلُّوا وَضُمُّوا غَنَائِمَكُمْ وَأَصْلِحُوا وَأَحْسِنُوا إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ))

”اللہ کا نام لے کر نکلو، اور اس اللہ کے نام کے ساتھ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ملت پر ہوتے ہوئے، اور بہت زیادہ بوڑھے شیخ کو قتل کرو اور نہ بچے کو اور نہ چھوٹے کو اور نہ عورت کو، اور غنیمتوں میں خیانت نہ کرو، اور اپنی غنیمت کو اکٹھا کرو، اور اصلاح کرو۔ بلاشبہ نیکی کرنے والوں کو اللہ پسند کرتا ہے“۔

(سنن ابی داود، ج۷، ص۱۹۵، رقم الحدیث۲۲۴۷)

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان:

’’وَلَا تَقْتُلُوا شَيْخًا فَانِيًا‘‘

”اور کسی بہت زیادہ بوڑھے شیخ کو قتل نہ کرو“۔

کی شرح کرتے ہوئے عون المعبود کے مؤلف فرماتے ہیں کہ:

''أَيْ إِلَّا إِذَا كَانَ مُقَاتِلًا أَوْ ذَا رَأْيٍ، وَقَدْ صَحَّ أَمْرُه عَلَيْهِ السَّلَامُ بِقَتْلِ دريد بن الصمة، وَكَانَ عُمُره مِائَة وَعِشْرِينَ عَامًا أَوْ أَكْثَر، وَقَدْ جِيئَ بِهِ فِي جَيْش هَوَازِن لِلرَّأْيِ الظَّاهِر أَنَّهُ بَدَل أَوْ بَيَان أَيْ صَبِيًّا دُون الْبُلُوغ وَاسْتُثْنِيَ مِنْهُ مَا إِذَا كَانَ مَلِكاً أَوْ مُبَاشِرًا لِلْقِتَالِ أَيْ اذا لَمْ تَكُنْ مُقَاتِلَة أَوْ مَلِكَة''

''یعنی، مگر یہ کہ وہ لڑنے والا ہو یا (دشمن کو) رائے دینے والا، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا درید بن الصمۃ کو قتل کرنا صحیح حدیث سے ثابت ہے، حالانکہ اس کی عمر ایک سو بیس سال تھی یا اس سے زیادہ تھی، اس لئے کے اُسے ہوازن (قبیلے) کے لشکر میں رائے دینے کے لئے لایا گیا تھا. اورآپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان کہ نہ بچے کو نہ چھوٹے کو اس سے اُسے مستثنیٰ کیا گیا ہے جو بادشاہ ہو یا لڑائی میں براہ راست حصہ لینے والا ہو۔ نہ کسی عورت کو یعنی اگر وہ لڑنے والی نہ ہو یا ملکہ نہ ہو''۔

(عون المعبود، ج٦، ص٣٧، رقم:٢٢٤٧)

امام الزیلائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''فَإِذَا كَانَ يَجُوزُ قَتْلُ صِبْيَانِ الْمُشْرِكِينَ لِمَصْلَحَةِ الْمُسْلِمِينَ فَقَتْلُ شُيُوخِهِمْ أَوْلَى اذَا كَانَ فِيهِ مَصْلَحَةٌ بِأَنْ كَانَ مَلِكاً وَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِيهِ مَصْلَحَةٌ لَا يُقْتَلُ إلَّا اذَا قَاتَلَ فَيُقْتَلُ دَفْعًا''

''اگر اس کی اجازت ہے کہ مشرکین کے بچوں کو قتل کیا جائے مسلمانوں کی مصلحت کے لئے تو بوڑھوں کو قتل کرنے کی اجازت اس سے بھی زیادہ جائز ہے اگر یہ کرنے سے فائدہ ہو جیسے وہ اگر بادشاہ ہو۔ مگر جب فائدہ نہ ہو تب ان کو نہیں قتل کرنا چاہئے الا یہ کہ وہ لڑیں تو اس صورت میں ان کو قتل کرنا چاہئے، تاکہ ان کے (نقصان) سے بچا جاسکے'' ۔

(تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق، ج۹، ص۲۸۱۔ کتاب السیر)

فقہاء نے ایسی عورت کے قتل کے جواز کا کہا ہے کہ جو مسلمانوں کیخلاف لڑائی میں جنگجوؤں کی مادی یا معنوی کسی بھی قسم کی اعانت کرے۔ اُنہوں نے اس کیلئے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ابن ماجہ میں مروی حدیث سے استدلال کیا ہے، کہ جب رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کا محاصرہ کیا تو ایک عورت قلعے پر چڑھی اور اس نے مسلمانوں کے سامنے اپنی شرمگاہ کو ننگا کر دیا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((ھادونکم فارموھا))

''یہ تمہارے سامنے ہے اسے تیر مارو''۔

تو (صحابہ کرام) نے اُسے تیر مارا اور اُسے قتل کر ڈالا۔ اگرچہ یہ حدیث ضعیف ہے مگر پھر فقہاء نے اس حدیث سے ایسی عورت کے قتل کے جواز پر استدلال کیا ہے کہ جو کہ اگرچہ لڑائی نہ کرے مگر (مسلمانوں کے خلاف) جنگ کرنے والوں کی کسی قول یا فعل سے اعانت کرے تو اُسے قصداً قتل کرنا جائز ہے۔ امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ نے میں فرمایا:

''فَصْلٌ: وَلَوْ وَقَفَتْ امْرَأَةٌ فِي صَفِّ الْكُفَّارِ أَوْ عَلَى حِصْنِهِمْ ،فَشَتَمَتْ الْمُسْلِمِينَ ، أَوْ تَكَشَّفَتْ لَهُمْ ،جَازَ رَمْيُهَا قَصْدًا ؛ لِمَا رَوَى سَعِيدٌ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ، عَنْ أَيُّوبَ،عَنْ عِكْرِمَةَ،قَالَ:((لَمَّا حَاصَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَ الطَّائِفِ أَشْرَفَتْ امْرَأَةٌ،فَكَشَفَتْ عَنْ قُبُلِهَا،فَقَالَ:هَا دُونَكُمْ فَارْمُوهَا.فَرَمَاهَا رَجُلٌ مِنْ الْمُسْلِمِينَ،فَمَا أَخْطَأَ ذَلِكَ مِنْهَا))وَيَجُوزُ النَّظَرُ الَى فَرْجِهَا لِلْحَاجَةِ الَى رَمْيِهَا ؛لِأَنَّ ذَلِكَ مِنْ ضَرُورَةِ رَمْيِهَا. وَكَذَلِكَ يَجُوزُ رَمْيُهَا اذَا كَانَتْ تَلْتَقِطُ لَهُمْ

السِّهَامَ ،أَوْ تَسْقِيهِمْ،أَوْتُحَرِّضُهُمْ عَلَى الْقِتَالِ؛لِأَ نَّهَا فِي حُكْمِ الْمُقَاتِلِ.وَهَكَذَا الْحُكْمُ فِي الصَّبِيِّ وَالشَّيْخِ وَسَائِرِ مَنْ مُنِعَ مِنْ قَتْلِهِ مِنْهُمْ ''

"فصل:اگر کوئی عورت کفار کی صف میں یا اُنکے قلعے پر کھڑی ہو کر مسلمانوں کو گالیاں دے یا اُنکے سامنے ننگی ہو جائے تو اُسے قصداً مارنا جائز ہے۔ جس کی وجہ وہ روایت ہے کہ جس میں سعید نے کہا کہ ہمیں حماد بن زید نے بیان کیا کہ ایوب سے اُنہوں نے عکرمہ سے انہوں نے کہا کہ جب رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف والوں کا محاصرہ کیا تو ایک عورت ظاہر ہوئی اور اس نے اپنی شرمگاہ کو ننگا کر دیا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تمہارے سامنے ہے اسے تیر مارو تو اُسے مسلمانوں میں ایک مسلماننے تیر مارا اور اُس کا نشانہ اُس عورت کی شرمگاہ سے نہ چوکا۔ اور (اس حالت میں) اُس (عورت) کی شرمگاہ کی طرف، اُس پر تیر مارنے کیلئے دیکھنا جائز ہے کیونکہ یہ اس (کی شرمگاہ پر تیر) چلانے کی ضرورت کی غرض سے ہے۔ اسی طرح اُسے تیر مارنا اُس وقت بھی جائز ہے کہ جب وہ ان پر (دشمنوں) کے لئے تیر اکٹھے کرے یا اُنہیں پانی پلائے یا انہیں لڑائی پر اُبھارے کیونکہ یہ اس صورت میں جنگجو کے حکم میں ہے۔ یہی اس (عورت) کا اور تمام لوگوں کا (شرعی) حکم ہے کہ جن کے قتل سے منع کیا گیا ہے"۔

(المغنی ،ج۲۱،ص۱۰۴، رقم:۷۵۷۸)

امام ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ نے میں فرمایا:

''لم يختلف العلماء فيمن قاتل من النساء والشيوخ أنه مباح قتله، ومن قدر على القتال من الصبيان وقاتل قتل ''

''علماء کا اس کے بارے میں کوئی اختلاف نہیں کہ جو عورتوں اور بوڑھوں میں سے لڑے تو اسکا قتل کرنا جائز ہے۔ اور بچوں میں جو لڑنے کی قدرت رکھے اور لڑے تو اُسے (بھی) قتل کیا جائے گا''۔

(الاستذکار ۱۴/۷۴)

امام ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ نے میں کہا کہ:

''وأجمعوا علی أن رسول الله ﷺ قتل درید بن الصمة یوم حنین لأنه کان ذا رأی ومکیدة فی الحرب،فمن کان هکذا من الشیوخ قتل عند الجمیع''

''علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ بلاشبہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے درید بن الصمۃ کو حنین کے روز قتل کیا تھا کیونکہ وہ جنگ میں مشورہ دینے والا اور سازش کرنے والا تھا۔ لہٰذا بوڑھوں میں سے جو کوئی بھی اس طرح کا ہو تو سب (علماء) کے نزدیک اُسے قتل کیا جائے گا۔''

(التمہید ۱۶/۴۲)

امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی بات پر علماء کا اجماع نقل کیا ہے کہ عورتوں، بچوں اور بڑی عمر کے لوگوں کا قتل ایسے وقت میں جائز ہے کہ جب وہ لڑائی میں اپنی قوم کی کسی بھی قسم کی اعانت کریں۔ اسی طرح النووی نے مسلم کی شرح میں کتاب الجہاد میں یہ اجماع نقل کیا ہے:

''وَأَمَّا شُيُوخُ الْكُفَّارِ فَإِنْ كَانَ فِيهِمْ رَأْيٌ قُتِلُوا''

''کفار کے ایسے بوڑھے کہ جو صاحب رائے ہو تو اسے قتل کیا جائے گا''۔

(شرح النووی علی مسلم ،ج٦،ص١٨٨، رقم:٣٢٨٠)

امام ابن النحاس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''ویحرم قتل المرأة والصبی ان لم یقاتلا، عند الشافعی ومالك واحمد وابی حنیفة، فان قاتلاقتلا۔''

''کفار کی عورتوں اور بچوں کو قتل کرنے کی ممانعت ہے اگر وہ نہ لڑیں۔امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ ،مالک رحمۃ اللہ علیہ ، احمد رحمۃ اللہ علیہ ،اور ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مطابق مگر جب وہ لڑیں تب ان کو مارا جائے گا''۔

(مشارع الاشواق،ج٢،ص١٠٢٣۔هداة المجتهد،ج١،ص٤٠٠)

امام ابن الہام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''اور جیسے کہ کوئی بھی ان میں سے لڑے (یعنی جن کے قتل کی اصلاً ممانعت ہے) تو ان کو قتل کرنا چاہئے تا کہ ان کے نقصان سے بچا جاسکے یہ اس لئے کہ (حقیقت قتال) میں جائز ہے اور پاگل شخص کو نہیں مارا جائیگا جب تک وہ نہ لڑے اور اگر بچہ اور پاگل لڑے تو ان کو قتل کیا جائیگا''۔

(شرح فتح القدیر،ج٥،ص٢٠٣)

امام ابن عابدین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''اور اس طرح اس کی اجازت ہے کے گونگے، بہرے کو قتل کیا جائے اور جس کا ایک ہاتھ یا ٹانگ ہو اس لئے کہ یہ ممکن ہے کہ وہ لڑ سکتے ہوں (گھوڑے پر) اور اس طرح عورت کو قتل کیا جائیگا اگر وہ لڑے''۔

(حاشیہ ابن عابدین، ج۳، ص۲۲۵)

ابن قاسم نے الحاشیہ میں (یہ اجماع) نقل کرتے ہوئے لکھا ہے:

''وأجمعوا على أن حكم الردئ حكم المباشر في الجهاد، ونقل عن ابن تيمية رحمه الله هذا الاجماع، ونقل عن ابن تيمية أيضا أن أعوان الطائفة الممتنعة وأنصارها منها فيما لهم وعليهم''

''(علماء) کا اس بات پر اجماع ہے کہ جہاد میں (پیچھے سے) دفاع کرنے کا حکم براہ راست لڑنے کا حکم ہے''۔ اس پر انہوں نے ابن تیمیہ رحمہ اللہ سے اجماع نقل کیا ہے۔ ابن تیمیہ رحمہ اللہ ہی سے یہ بھی نقل کیا کہ طاقت وشوکت والے (لڑنے والی) جماعت کے مددگار اُسی حکم کے تحت (شمار کئے جائیں گے) جو حکم اس جماعت کے لئے ہے۔ جو کچھ اس (لڑنے والی جماعت) پر ہے وہی ان (مددگاروں) کے لئے اور اُن پر لاگو ہوگا''۔

یہ شرعی حکم ہے ان لوگوں کا کہ جو جنگ میں کفار کی اعانت کرتے ہیں اور یہ معصوم الدم یعنی عورتیں، بچے، بوڑھے اور جو کوئی ان کے حکم میں ہو جنہیں آج کے اس دور میں ''عام شہری'' کہا جاتا ہے۔

لہٰذا آج کفار کے ممالک کے عوام فیصلہ کرنے والوں اور اہل رائے میں شمار ہوتے ہیں خواہ یہ رائے عسکری ہو یا سیاسی کیونکہ کفار کے ممالک کی انتظامیہ جن رائے عامہ کی بنیاد پر فیصلے کرتی ہے وہ اس بات کی جانب اشارہ کرتی ہیں کہ بلاشبہ ان کی عوام ہی اپنے براہ راست ووٹوں کے ذریعے اور پارلیمنٹ

میں اپنے نمائندوں کے ووٹوں کے ذریعے بالواسطہ طور پر فیصلے کرتے ہیں۔ لہٰذا رائے عامہ سے پتہ چلتا ہے کہ ہر جگہ اور ہر وقت اسلام دشمنی کے ان کے سیاسی فیصلوں میں ان کی عوام کا بہت بڑا حصہ ہوتا ہے۔

لہٰذا ہر جگہ ان کفار کے ممالک کے عوام کو خواہ جو اپنے ہاتھ سے لڑے یا اپنی رائے سے لڑائی (اپنی حکومت) کی اعانت کرے، نشانہ بنانا، ایک ایسا معاملہ ہے کہ جس کی شریعت اجازت دیتی ہے۔ چونکہ یہ ان کے عوام کی غالب اکثریت کی حالت ہے اس لئے شرعی حکم بھی غالب اکثریت کی بناء پر عام ہوتا ہے۔

تیسری صورت

جب دشمن پر عام تباہی مسلط کرنا مقصود ہو

عورتوں، بچوں اور بوڑھوں کے قتل کے جواز کی حالتوں میں سے ایک یہ ہے کہ جب دشمن کے قلعوں کو فتح کرنے کیلئے مسلمانوں کو انہیں جلانے یا پانی میں غرق کرنے یا ان میں زہر پھیلانے یا اُن میں دھواں پھیلانے یا ان میں سانپ، بچھو اور زہریلے کیڑے مکوڑے چھوڑنے کی ضرورت پڑے خواہ اس کے نتیجے میں معصوم لوگ ہی مارے جائیں۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث نقل فرمائی کہ:

((بَاب حَرْقِ الدُّورِ وَالنَّخِيلِ: عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ حَرَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيرِ))

"کھجور کے درختوں اور گھروں کا جلانے کا باب۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی نضیر کے کھجور کے درختوں کو جلا ڈالا"۔

(صحیح البخاری، ج۱۰، ص۲۱۹، رقم الحدیث:۲۷۹۸)

((عَنْ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّقَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيرِ وَقَطَعَ وَهِيَ الْبُوَيْرَةُ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى ﴿مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِينَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوهَا قَائِمَةً عَلَى أُصُولِهَا فَبِإِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِينَ﴾))

''ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی نضیر کے کھجور کے درختوں کو جلا ڈالا اور کاٹ ڈالا بویرہ نامی زمین میں۔ پس اللہ تعالی نے یہ (آیت) نازل کی: ''تم نے کھجور کے جو درخت کاٹ ڈالے یا جنہیں تم نے ان کی جڑوں پر باقی رہنے دیا۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کے اذن سے تھا اور اس لئے بھی کہ اللہ تعالیٰ فاسقوں کو رسوا کرے''۔

(صحیح البخاری، ج۱۵، ص۱۵۱، رقم الحدیث:۴۵۰۵)

((عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى قَرْيَةٍ يُقَالُ لَهَا أُبْنَى فَقَالَ ائْتِ أُبْنَى صَبَاحًا ثُمَّ حَرِّقْ))

''حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ''اُبنیٰ''(یابُنیٰ) نامی سرزمین کی طرف بھیجا اور فرمایا: ''صبح وہاں جاؤ، پھر اس (بستی) کو جلا ڈالو''۔

(مسند احمد، ج۴۴ص۲۵٦، رقم الحدیث:۲۰۷۸٦۔سنن ابن ماجۃ، ج۸ص۳٦۸، رقم الحدیث:۲۸۳۳)

امام ابن الاثیر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

''أُبنى ويُبنى: اسم موضع بين عسقلان والرملة من أرض فلسطين''

''اُبنی اور یُبنی: سر زمین پر الرملہ اور عسقلان کے درمیان ایک جگہ کا نام ہے۔

(جامع الاصول ۲/۶۱۷)

لہٰذا دشمن کو جلانا، یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جنگ کے طریقوں میں سے ایک طریقہ ہے۔ یہ تو معلوم ہی ہے کہ بلاشبہ آگ جلانے سے کئی معصوم لوگ بھی قتل ہو جاتے ہیں اور اسی طرح جانور اور کھیتیاں ہلاک ہوتی ہیں اور ان سب کو زندہ بچائے رکھنے کی مصلحت، انہیں ختم کرنے کی مصلحت سے کم تر ہے۔ کیونکہ شوکت وقوت والے دشمن کے قتل کرنیکی مصلحت، اُسکے علاوہ دوسروں کو (زندہ) چھوڑنے کی مصلحت سے زیادہ بڑی ہے۔

امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ نے المغنی میں فرمایا:

''وَقَدْ رَوَى حَمْزَةُ الْأَسْلَمِيُّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّرَهُ عَلَى سَرِيَّةٍ ، قَالَ: فَخَرَجْت فِيهَا، فَقَالَ: ((إنْ أَخَذْتُمْ فُلَانًا، فَأَحْرِقُوهُ بِالنَّارِ)) فَوَلَّيْت، فَنَادَانِي، فَرَجَعْت، فَقَالَ: ((إنْ أَخَذْتُمْ فُلَانًا، فَاقْتُلُوهُ، وَلَا تُحْرِقُوهُ؛ فَإِنَّهُ لَا يُعَذِّبُ بِالنَّارِ إلَّا رَبُّ النَّارِ)) رَوَاهُ أَبُو دَاوُد ، وَسَعِيدٌ . وَرَوَى أَحَادِيثَ سِوَاهُ فِي هَذَا الْمَعْنَى . وَرَوَى الْبُخَارِيُّ ، وَغَيْرُهُ ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَنْ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيثِ حَمْزَةَ . فَأَمَّا رَمْيُهُمْ قَبْلَ أَخْذِهِمْ بِالنَّارِ، فَإِنْ أَمْكَنَ أَخْذُهُمْ بِدُونِهَا، لَمْ يَجُزْ رَمْيُهُمْ بِهَا ؛ لِأَنَّهُمْ فِي مَعْنَى الْمَقْدُورِ عَلَيْهِ ، وَأَمَّا عِنْدَ الْعَجْزِ عَنْهُمْ بِغَيْرِهَا ، فَجَائِزٌ ، فِي قَوْلِ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ . وَبِهِ قَالَ الثَّوْرِيُّ ، وَالْأَوْزَاعِيُّ ، وَالشَّافِعِيُّ . وَرَوَى سَعِيدٌ ، بِإِسْنَادِهِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو ، وَحَرِيزِ بْنِ عُثْمَانَ أَنَّ جُنَادَةَ بْنَ أُمَيَّةَ الْأَزْدِيَّ ، وَعَبْدَ اللَّهِ بْنَ قَيْسٍ الْفَزَارِيَّ ، وَغَيْرَهُمَا مِنْ وُلَاةِ

الْبَحْرَيْنِ، وَمَنْ بَعْدَهُمْ، كَانُوا يَرْمُونَ الْعَدُوَّ مِنْ الرُّومِ وَغَيْرِهِمْ بِالنَّارِ، وَيُحَرِّقُونَهُمْ، هَؤُلَاءِ لِهَؤُلَاءِ، وَهَؤُلَاءِ لِهَؤُلَاءِ. قَالَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ قَيْسٍ: لَمْ يَزُلْ أَمْرُ الْمُسْلِمِينَ عَلَى ذَلِكَ.''

''حمزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ بلاشبہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے ایک دستے میں امیر بنایا۔(حمزہ) کہتے ہیں کہ میں اس (دستے) کے ساتھ نکلا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم فلاں آدمی کو پکڑو تو اسے آگ سے جلا ڈالو۔ (حمزہ کہتے ہیں کہ میں) جانے کے لئے مڑا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آواز دی، تو میں واپس لوٹ آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تم فلاں کو پکڑو تو اُسے قتل کر ڈالو مگر جلانا نہیں کیونکہ آگ سے سوائے آگ کے رب کے اور کوئی نہیں جلاتا۔ اسے ابو داؤد اور سعید نے روایت کیا اور (سعید) نے اس معنی کی اس کے علاوہ کئی احادیث بیان کی ہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حمزہ کی حدیث کی مانند روایت کی ہے۔ لہٰذا ان کفار کو آگ سے جلائے بغیر پکڑنا ممکن ہو تو پھر انہیں جلانا جائز نہیں کیونکہ وہ اُن لوگوں کے حکم میں شامل ہو جاتے ہیں کہ جن پر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔ اگر اس (جلانے کے) بغیر انہیں پکڑنا ناممکن ہو تو اس صورت میں اکثر اہل علم کے نزدیک یہ جائز ہے۔ یہی موقف الثوری رحمۃ اللہ علیہ، الاوزاعی رحمۃ اللہ علیہ اور الشافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اختیار کیا ہے۔ سعید نے اپنی اسناد کے ساتھ صفوان بن عمرو اور جریر بن عثمان سے روایت کیا ہے کہ بلاشبہ جنادہ بن امیہ الازدی اور عبد اللہ بن قیس الفزازی اور اُن کے علاوہ بحرین کے حکمران اور ان کے بعد آنے والے (حکمران) رومی دشمنوں وغیرہ پر آگ پھینک کر انہیں جلاتے تھے، یہ انہیں اور وہ اُنہیں جلاتے۔ عبد اللہ بن قیس نے کہا کہ مسلمانوں کا معاملہ اسی طرح چلتا رہا''۔

(المغنی، ج۲۱، ص۱۰۰، رقم: ۷۵۷۳)

امام ابن قدامہ رحمۃ اللہ علیہ مزید فرماتے ہیں:

''فَصْلٌ: وَكَذٰلِكَ الْحُكْمُ فِي فَتْحِ الْبُثُوقِ عَلَيْهِمْ، لِيُغْرِقَهُمْ، اِنْ قُدِرَ عَلَيْهِمْ بِغَيْرِهِ، لَمْ يَجُزْ، اِذَا تَضَمَّنَ ذٰلِكَ اِتْلَافَ النِّسَاءِ وَالذُّرِّيَّةِ، الَّذِينَ يَحْرُمُ اِتْلَافُهُمْ قَصْدًا، وَاِنْ لَمْ يُقْدَرْ عَلَيْهِمْ اِلَّا بِهِ، جَازَ، كَمَا يَجُوزُ الْبَيَاتُ الْمُتَضَمِّنُ لِذٰلِكَ''

'' اسی طرح (دریاؤں، جھیلوں وغیرہ کے) بند دشمن کو غرق کرنے کیلئے کھول دینے کا حکم ہے کہ اگر اس کے بغیر اُس پر غلبہ حاصل ہو جائے تو ایسا (غرق کرنے کا) کام جائز نہیں کہ جس میں وہ عورتیں اور بچے ضائع ہونے کا اندیشہ ہو کہ جنہیں قصداً ضائع کرنا حرام ہوتا ہے۔ اگر دشمن پر اس (کام) کے بغیر غلبہ ممکن نہ ہو تو پھر یہ اُسی طرح جائز ہے کہ جیسے رات کے وقت حملہ کرنے میں ان (معصوم لوگوں) کے ضائع ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے''

(المغنی، ج۲۱، ص۱۰۰، رقم: ۷۵۷۴)

امام النووی رحمۃ اللہ علیہ نے المنہاج اور مغنی المحتاج کی شرح میں کہا:

''وَيَجُوزُ حِصَارُ الْكُفَّارِ فِي الْبِلَادِ وَالْقِلَاعِ وَاِرْسَالُ الْمَاءِ عَلَيْهِمْ وَرَمْيُهُمْ بِنَارٍ وَمَنْجَنِيقٍ''

'' کفار کا کسی علاقے اور قلعوں میں محاصرہ کرنا اور اُن پر پانی چھوڑنا اور آگ اور منجنیق سے گولہ باری کرنا اور غفلت کے اوقات میں اُن پر حملہ کرنا جائز ہے''۔

(مغنی المحتاج، ۱۷، ص۳۰۳)

مغنی المحتاج کے مؤلف، امام النووی رحمۃ اللہ علیہ کی بات پر تعلیق کرتے ہوئے اپنی مصدر میں کہتے ہیں کہ:

''وَمَا فِي مَعْنَى ذَلِكَ مِنْ هَدْمِ بُيُوتِهِمْ، وَقَطْعِ الْمَاءِ عَنْهُمْ، وَإِلْقَاءِ حَيَّاتٍ أَوْ عَقَارِبَ عَلَيْهِمْ وَلَوْ كَانَ فِيهِمْ نِسَاءٌ وَصِبْيَانٌ لِقَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿وَخُذُوهُمْ وَاحْصُرُوهُمْ﴾، وَفِي الصَّحِيحَيْنِ ((أَنَّهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاصَرَ أَهْلَ الطَّائِفِ)) وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ ''أَنَّهُ نَصَبَ عَلَيْهِمُ الْمَنْجَنِيقَ''، وَقِيسَ بِهِ مَا فِي مَعْنَاهُ مِمَّا يَعُمُّ الْإِهْلَاكُ بِهِ.

''اسی معنی میں ان کے گھر منہدم کرنے، اُنکا پانی روکنا اور اُن پر سانپ یا بچھو پھینکنا ہے، خواہ اُن میں عورتیں اور بچے ہی ہوں۔ اللہ تعالی کے اس فرمان کی رو سے: ﴿وَخُذُوهُمْ وَاحْصُرُوهُمْ﴾ ''ان کو پکڑو اور ان کو گھیرو''۔ صحیحین میں ہے کہ بلاشبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کا گھیراؤ کیا اور بیہقی اور صحیحین میں ہے کہ بلاشبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منجنیق نصب کی۔ اسی پر ہر اُس چیز کا قیاس کیا گیا کہ جس سے عام ہلاکتیں ہوں''۔

(مغنی المحتاج، ۱۷، ص۳۰۳)

مزید فرماتے ہیں:

''وَظَاهِرُ كَلَامِهِمْ أَنَّهُ يَجُوزُ إِتْلَافُهُمْ بِمَا ذُكِرَ وَإِنْ قَدَرْنَا عَلَيْهِمْ بِدُونِهِ''

'' اُن کی باتوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُنہیں مذکورہ (ہتھیاروں) سے ہلاک کرنا جائز ہے، خواہ ہم اُن پر اس کے غلبے کے بغیر ہی غلبہ حاصل کر سکتے ہوں''۔

(مغنی المحتاج، ۱۷، ص۳۰۳)

صحابہ اپنے دشمنوں کے ساتھ یہی سلوک اپناتے تھے۔ سنن سعید بن منصور میں آیا ہے کہ:

((أن جنادة بن أبي أميرة الأزدی وعبد الله بن قيس الفزازی وغيرهما من ولاة البحر من بعدهم كانوا يرمون العدو من الروم وغيرهم بالنار، ويحرّقونهم هؤلاء لهؤلاء، وهؤلاء لهؤلاء))

''بلاشبہ جنادہ بن امیۃ الازدی اور عبد اللہ بن قیس الفزازی اور اُن کے علاوہ ان کے بعد آنے والے دوسرے بحرین کے حکمران رومی دشمنوں وغیرہ پر آگ پھینکتے تھے اور یوں اُنہیں جلاتے اور وہ اُنہیں جلاتے تھے''۔

(سنن سعید بن منصور ۲/۲۴۴)

عبد اللہ بن قیس الفزازی سے روایت ہے کہ:

((أنه كان يغزو على الناس فی البحر على عهد معاوية وكان يرمی العدو بالنار ويرمونه، ويحرقهم ويحرقونه وقال: لم يزل أمر المسلمين على ذلك))

''وہ معاویہ کے عہد میں لوگوں پر سمندر میں حملے کرتے اور وہ دشمن پر آگ پھینکتے اور وہ (دشمن) ان پر، یہ اُنہیں جلاتے اور وہ انہیں۔ انہوں نے کہا مسلمانوں کا معاملہ اسی طرح چلتا رہا''۔

فتح القدیر میں ہے:

